http://e.tashakurnews.com
info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews
twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال
ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو ◉ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22
روزنامہ
تشکر کراچی
نیوز
چیف ایڈیٹر: عبدالعلی منصور

جلد : 22 | 26 جمادی الاول 1446ھ جمعہ 29 نومبر 2024ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 266



وزیراعظم کا اسلام آباد پر لشکر کشی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا حکم

اسٹاک ایکسچینج کا سنگ میل عبور کرنا سرمایہ کاروں کے بھروسے کا عکاس ہے

وزیر اعظم

ملکی استحکام و ترقی کے دشمن ملک کو دوبارہ ڈی ریل کرنے کی مذموم و ناکام کوششیں کر رہے ہیں، ملک میں مہنگائی کی شرح میں مزید کمی ہوئی ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسٹاک ایکسچینج میں انڈیکس کا ایک لاکھ پوائنٹس کا سنگ میل عبور کرنا سرمایہ کاروں کے بھروسے کا عکاس ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ایک لاکھ پوائنٹس کا سنگ میل عبور ہونے پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹاک ایکسچینج کا تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک لاکھ پوائنٹس سے تجاوز کرنا حکومتی پالیسیوں پر کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کے بھروسے کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس سنگ میل کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

کرم میں جھڑپیں 6 روز سے جاری، جاں بحق افراد کی تعداد 111 ہوگئی

ڈی آئی خان (بیورو رپورٹ) ضلع کرم میں جھڑپیں 6 روز سے جاری ہیں، اس دوران جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 111 ہوگئی ہے۔ پولیس کے مطابق لوئر کرم میں جھڑپوں سے اب تک 150 افراد زخمی ہوچکے ہیں۔ بگن پر لشکر کشی کے بعد لڑائی پورے کرم میں جنگ کی آگ کی طرح پھیل گئی ہے۔ اس وقت بگن علیزئی، ٹالونج، جیلامئے، کونج علیزئی مقبل، خار کلے بلیش خیل کے درمیان شدید لڑائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

بنوں کینٹ پر شرپسندوں کا حملہ، سیکورٹی کے ساتھ شدید فائرنگ

بنوں (مانیٹرنگ ڈیسک) بنوں کینٹ پر نامعلوم حملہ آوروں نے حملہ کیا، جس کے بعد سیکورٹی فورسز اور شرپسندوں کے درمیان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

44ویں پاکستان آرمی رائفل ایسوسی ایشن کے مقابلے اختتام پذیر

پاکستان آرمی رائفل ایسوسی ایشن میں آرمی، نیوی، ایئرفورس، سول آرمڈ فورسز اور عام شہریوں کے 2 ہزار سے زائد شوٹرز نے حصہ لیا، اختتامی تقریب میں ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے بھی خصوصی شرکت کی، آرمی چیف اور ایئر چیف نے ایوارڈ جیتنے والوں اور رنراپ کو ٹرافیاں اور میڈلز سے نوازا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) 44ویں پاکستان آرمی رائفل ایسوسی ایشن کے مقابلے اختتام پذیر ہوگئے ہیں جس میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے جہلم میں ہونے والی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی، میگا شوٹنگ ایونٹ کا انعقاد 14 اکتوبر سے 28 نومبر 2024 تک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان آرمی رائفل ایسوسی ایشن میں آرمی، نیوی، ایئرفورس، سول آرمڈ فورسز اور عام شہریوں کے 2 ہزار سے زائد شوٹرز نے حصہ لیا، اختتامی تقریب میں ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے بھی خصوصی شرکت کی، آرمی چیف اور ایئر چیف نے ایوارڈ جیتنے والوں اور رنراپ کو ٹرافیاں اور میڈلز سے نوازا۔ انٹر سروسز میچز میں پاکستان آرمی نے تین مقابلے جیتے، سی اے ایس مقابلہ پاک فضائیہ نے جیتا، پاکستان آرمی نے مجموعی طور پر چیمپئن شپ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

7ویں میری ٹائم سیکیورٹی ورکشاپ کے شرکا کا نیول ہیڈکوارٹرز کا دورہ

شرکا میں ارکان پارلیمنٹ، سیاستدان، بیوروکریٹس، مسلح افواج کے افسران، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے پاک بحریہ کی کاوشوں کو بے حد سراہا، نیول چیف ایڈمرل

نوید اشرف کا پاک بحریہ کے ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پیٹرول اور ساحلی سیکورٹی اور ہاربر ڈیفنس اقدامات کے ذریعے سمندری اور ساحلی تحفظ کو مضبوط بنانیکی کوششوں پر زور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ساتویں میری ٹائم سیکیورٹی ورکشاپ کے شرکا نے کمانڈنٹ پاکستان نیوی وار کالج ریئر ایڈمرل اظہر محمود کی قیادت میں نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کا دورہ کیا۔ ورکشاپ کے شرکا کو میری ٹائم چیلنجز اور پاک بحریہ کے لائحہ عمل، میری ٹائم آگاہی کے فروغ اور ساحلی علاقوں میں سماجی و اقتصادی ترقی میں پاک بحریہ کے کردار پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے بھی شرکا سے تبادلہ خیال کیا۔ سربراہ پاک بحریہ نے اپنے خطاب میں میری ٹائم سیکیورٹی اور پاکستان کی بلیو اکانومی کی استعداد سے متعلق امور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اسلام آباد: امیرالبحر ایڈمرل نوید اشرف 7ویں میری ٹائم سیکیورٹی ورکشاپ سے خطاب کررہے ہیں، آخری میں گروپ فوٹو

کراچی، سیف سٹی پروجیکٹ کے تحت

جدید کیمروں سے لیس گاڑیاں سڑکوں پر آگئیں

سیف سٹی پروجیکٹ نادرا اور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ سے منسلک ہے کوئی مشکوک شخص یا گاڑی کیمروں سے لیس گاڑی کے سامنے گزرے گی اسکی نشاندہی ہو جائے گی اور اس گاڑی یا مشکوک شخص سے متعلقہ تھانے کو اطلاع کردی جائیگی

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) سیف سٹی پروجیکٹ کے تحت جدید کیمروں سے لیس 2 گاڑیاں (ایمرجنسی ریسپانس وہیکل) آزمائشی طور پر سڑکوں پر آگئیں، گاڑیوں میں لگے 6 جدید کیمروں سے مشکوک گاڑیوں کی نمبر پلیٹس اور مشکوک افراد کے چہروں کو شناخت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

صحافی مطیع اللہ جان نے روکنے پر گاڑی پولیس پر چڑھادی، مقدمے میں الزام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینئر صحافی اور اینکر مطیع اللہ جان کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ مارگلہ میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

پی ٹی آئی کے گرفتار شرپسندوں کے ہوش ربا انکشافات

ہمیں 50 ہزار روپے دیے گئے اور لڑائی میں پھنسا کر پی ٹی آئی قیادت فرار ہوگئی، شرپسند

اسلام آباد میں احتجاج کے مقام سے گرفتار ہونے والے پی ٹی آئی کے شرپسندوں کے ہوش ربا انکشافات سامنے آگئے۔ پی ٹی آئی کے حالیہ احتجاج میں شریک شرپسند سجاد کا کہنا تھا کہ پارٹی قیادت نے ہم سے رابطہ کیا کہ آپ نے احتجاج میں آنا ہے، ہمیں 50 ہزار روپے دیے گئے اور لڑائی میں پھنسا کر پی ٹی آئی قیادت فرار ہوگئی۔ شرپسند سجاد نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت کے بھاگنے کے بعد ہم بھی بھاگنے لگے تو پولیس نے ہمیں گرفتار کرلیا۔

شرپسند خورشید محمد اعوان نے بتایا کہ میں اپنے کاروبار کے سلسلے میں اسلام آباد آرہا تھا اور ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ہونے کی وجہ سے ان شرپسندوں کی گاڑی میں بیٹھ گیا، میں گاڑی میں بیٹھ کر پریشان ہوگیا کیونکہ ان کے حلیے عجیب وغریب تھے، ان کے پاس ڈنڈے، پتھر اور اسلحہ تھا۔ خورشید محمد اعوان نے مزید بتایا کہ پولیس نے جب ان کی گاڑی کو روکا تو انہوں نے رکنے کے بجائے پولیس پر حملہ کیا اور گاڑی بھگا کر لے گئے، ٹول پلازہ پہنچنے پر شرپسندوں نے جلاگھیرا شروع کردیا، میں نے بہت مشکل سے جان بچائی۔

رئیس محمد نے بتایا کہ میں تھر کا رہنے والا ہوں اور ہوٹل کا کام کرتا ہوں، پی ٹی آئی والے آئے اور کہا کہ ہمارے بندوں کو کھانا دو، میں نے شرپسندوں کو کھانا دیا تو انہوں نے وہاں توڑ پھوڑ کی اور بھاگ گئے اور پولیس مجھے پکڑ کر لے گئی۔ ایاز نامی شرپسند نے بتایا کہ میں ایبٹ آباد کا رہنے والا ہوں، مجھے پی ٹی آئی والے احتجاج میں لے کر آئے، مجھے کہا گیا کہ آپ کو اسلام آباد میں سب کچھ ملے گا، ہمیں یہاں لا کر وہ بھاگ گئے اور پولیس نے ہمیں گرفتار کرلیا۔ واضح رہے کہ عمران خان کی فائنل کال پر پی ٹی آئی کارکنان قیادت کے ہمراہ 24 نومبر کو خیبر پختونخوا سے اسلام آباد احتجاج کے لیے روانہ ہوئے تھے تاہم 27 نومبر کو پولیس اور رینجرز کے گرینڈ آپریشن کے بعد احتجاج منسوخ کردیا گیا۔

تیسرا ون ڈے، پاکستان نے زمبابوے کو 99 رنز سے شکست دے کر سیریز جیت لی

کراچی (اسپورٹس نیوز) سیریز کے تیسرے اور آخری ون ڈے میچ میں پاکستان نے زمبابوے کو 99 رنز سے شکست دے کر سیریز 2-1 سے جیت لی۔ بلاوائیو میں کھیلے گئے فیصلہ کن میچ میں پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 6 وکٹوں کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

اسلام آباد احتجاج میں 278 کارکن جاں بحق ہوئے، لطیف کھوسہ کا دعویٰ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما لطیف کھوسہ نے اسلام آباد میں منگل کے روز ہونے والے احتجاج کے دوران 278 پی ٹی آئی کارکنوں کے جاں بحق ہونے کا دعوی کیا ہے۔ ایک نجی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

افغانستان میں امریکی فوج کا چھوڑا گیا اسلحہ دہشتگردی میں استعمال ہورہا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی فوج کا افغانستان سے 2021 میں انخلا پورے خطے کے لیے ایک نیا چیلنج بن کر سامنے آیا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)



عمران خان نے بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ کو پی ٹی آئی کی قیادت سے ہٹا دیا

ڈی چوک کے بھگوڑوں نے بانی پی ٹی آئی کو بھی تنہا چھوڑ دیا

اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے آنے والے عام طور پر ایک دو روز قبل درخواست دیا کرتے تھے، کچھ عرصے سے ملاقات کے لئے آنے والے موقع پر ہی درخواست دے کر بانی پی ٹی آئی سے مل رہے تھے، یہاں یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا ڈی چوک فائنل کال کی ناکامی پر پی ٹی آئی رہنما شرمندہ ہیں یا پھر خوفزدہ؟، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جیل میں ملاقات کے دن ڈی چوک کے بھگوڑوں میں سے کوئی بھی نہیں پہنچ سکا اور بانی پی ٹی آئی ملاقاتیوں کی راہ تکتے رہ گئے۔ ڈی چوک کے بھگوڑوں نے بانی پی ٹی آئی کو بھی تنہا چھوڑ دیا ہے جب کہ آج اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کو ملنے بھی کوئی نہیں پہنچا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے گرفتاری کے ڈر کے پیش نظر بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی زحمت نہ کی جب کہ بانی پی ٹی آئی کے اہل خانہ میں سے کوئی بھی نہیں آیا۔ سیاسی جانشینی کی دوڑ میں شامل بشرہ بی بی اور علیمہ خان بھی ملنے نہیں آئے اور بانی پی ٹی آئی ملاقاتیوں کی راہ تکتے رہ گئے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے آنے والے عام طور پر ایک دو روز قبل درخواست دیا کرتے تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کچھ عرصے سے ملاقات کے لئے آنے والے موقع پر ہی درخواست دے کر بانی پی ٹی آئی سے مل رہے تھے۔ یہاں یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا ڈی چوک فائنل کال کی ناکامی پر پی ٹی آئی رہنما شرمندہ ہیں یا پھر خوفزدہ؟۔ دوسری جانب بلوچستان اسمبلی میں تحریک انصاف پر پابندی (باقی صفحہ نمبر3 بقیہ 11)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں چار روپے فی لٹر تک اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پٹرول کی قیمت میں 3 روپے 15 پیسے فی لٹر جب کہ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 20 پیسے تک کا امکان ہے۔ اسی طرح مٹی کے تیل کی قیمتوں میں 4 روپے فی لٹر تک اضافے کی توقع ہے۔ عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھادیکھنے میں آیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

کراچی، ریڈ لائن بس سروس کا ترقیاتی کام عوام کیلئے دردِسر بن گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ریڈ لائن بس سروس کا ترقیاتی کام عوام کیلئے دردسر بن گیا، ترقیاتی کام کے دوران 84 انچ قطر کی سپلائی لائن پھٹ گئی۔ پانی کی مین سپلائی لائن پھٹنے سے یونیورسٹی روڈ زیرآب آ گیا، پانی یونیورسٹی روڈ پر جمع ہونے سے ٹریفک متاثر ہوگیا، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

سنی اتحاد کونسل کے سربراہ پی ٹی آئی کی کمیٹیوں سے مستعفی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان سنی اتحاد کونسل کے چیئرمین حامد رضا نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی دو اہم کمیٹیوں کی رکنیت سے استعفی دے دیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ پی آئی سی کے سربراہ حامد رضا نے پی ٹی آئی کی کور کمیٹی اور سیاسی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

پولیس افسر کا دفتر عوام کیلئے ہمیشہ کھلا رہنا چاہیے آئی جی سندھ

کراچی (رپورٹ عامر صابر) سندھ پولیس کے سربراہ، آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے کہا ہے کہ پولیس کی سب سے بڑی کامیابی عوام کا اعتماد حاصل کرنا ہے اور یہ کامیابی صرف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)



سپریم کورٹ کا ٹیکس مقدمات کو جلد نمٹانے کا فیصلہ

انصاف کے حصول اور عدالتی اصلاحات کے لیے چیف جسٹس کے زیر صدارت دو اجلاس، جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس بلال کی شرکت

اجلاس میں مشہور ڈویلپمنٹ ایکسپرٹ شیر شاہ بھی شریک ہوئے، اجلاس میں جدید ٹیکنالوجی، کیسز کے حوالے سے بہتری لانے کا جائزہ لیا گیا، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے ٹیکس مقدمات کے التوا کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے انہیں جلد نمٹانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق انصاف کے حصول (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

ایڈیشنل آئی جی کراچی کی آٹو اسپیئر پارٹس ایسوسی ایشن کے 11 رکنی وفد سے ملاقات

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو کی آٹو اسپیئر پارٹس ایسوسیشن کے 11 رکنی وفد سے کراچی پولیس آفس میں ملاقات۔ ملاقات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

مکان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، دو گھنٹے بعد قابو پالیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیفنس فیز سیون کے مکان میں اچانک آگ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

ڈمپر کی موٹر سائیکل سوار باپ اور بیٹی کو ٹکر، بچی شدید زخمی

عوام کا حکام سے تیز رفتاری کا مظاہرہ کرنے والی ہیوی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ناگن چورنگی کے قریب ڈمپر نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

موہن جودڑو ایکسپریس کو پرانے روٹ پر بحال کر دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ریلوے انتظامیہ نے اندرون سندھ کے مسافروں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

وزیراعلیٰ سندھ بیرونی تعاون سے چلنے والے منصوبوں کی رفتار سے غیر مطمئن

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت بیرونی تعاون سے چلنے والے منصوبوں پر اہم اجلاس ہوا جس میں

دیگر ممالک اور اداروں کے تعاون سے شروع کیے گئے منصوبوں کی پیشرفت پر غور کیا گیا، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ بیرونی تعاون سے چلنے والے کچھ منصوبوں کی رفتار سے مطمئن نہیں ہیں۔ ترجمان سندھ حکومت کے مطابق وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت بیرونی تعاون سے چلنے والے منصوبوں پر اہم اجلاس ہوا جس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کے الیکٹرک صارفین کیلئے بجلی کی قیمت میں 27 پیسے فی یونٹ کمی کا امکان

بجلی کی قیمت میں کمی سے کے الیکٹرک صارفین کو 46 کروڑ 10 روپے ریلیف ملے گا، نیپرا نے کے الیکٹرک سے آئندہ سماعت پر میرٹ آرڈر پر عمل درآمد کی رپورٹ بھی طلب کر رکھی ہے، نیپرا ذرائع کا دعویٰ

کراچی (اسٹاف روپرٹر) کے الیکٹرک کے صارفین کے لیے بجلی کی قیمت میں 27 پیسے فی یونٹ کمی کا امکان ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق کے الیکٹرک نے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ماہ اکتوبر کے لیے درخواست نیپرا میں جمع کروا دی، نیپرا کے الیکٹرک کی درخواست (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

5 سیکنڈ میں 55 لاکھ روپے چھیننے کی واردات، ویڈیو سامنے آگئی

فوٹیج میں دو لٹیروں کو شاپ کے مالک سے رقم سے بھرا بیگ چھینتے دیکھا جاسکتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قائد آباد میں ایزی پیسہ شاپ کے مالک سے 55 لاکھ روپے چھیننے کی واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق 25 نومبر کو قائد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں نئی تاریخ رقم، ایک لاکھ پوائنٹس کا سنگِ میل عبور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں نئی تاریخ رقم ہوگئی، انڈیکس نے ایک لاکھ پوائنٹس کا سنگِ میل عبور کرلیا۔ پی ایس ایکس میں آج کاروبار کے آغاز ہی سے تیزی کا رجحان رہا، جس کے نتیجے میں کے ایس ای 100 انڈیکس نے 790 پوائنٹس کے اضافے سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

کراچی، نیپیئر روڈ پر فائرنگ، خاتون اور مرد ہلاک

فوری طور پر واقعے کی نوعیت کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے نیپئر روڈ میوہ شاہ مسجد کے قریب فائرنگ سے خاتون اور مرد ہلاک ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق خاتون اور مرد رکشا میں کلفٹن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

کراچی: ڈکیتی مزاحمت پر22 سالہ نوجوان کے قتل کا مقدمہ درج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈکیتی مزاحمت پر22 سالہ نوجوان کے قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا، بھائی نے بتایا ہم نے ایک ڈاکو کو پستول سمیت پکڑا تو فائرنگ سے یعقوب جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے بھینس کالونی میں ڈکیتی مزاحمت پر22 سالہ نوجوان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کراچی میں پولیس مقابلے: مفرور ڈاکو کو مارا گیا، 2 زخمی اور 3 گرفتار

گرفتار ملزمان سے اسلحہ، لوٹی گئی رقم، موبائل فونز اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کرکے تفتیش شروع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سلطن، شاہ لطیف اور خواجہ اجمیر نگری پولیس نے مبینہ مقابلوں میں ایک مفرور ڈاکو کو ہلاک کر دیا۔ مقابلوں میں 2 زخمیوں سمیت 3 ڈاکوؤں کو گرفتار (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)



کراچی میں پولیس افسر جرائم پیشہ افراد کی سرپرستی پر نوکری سے برطرف

راؤ فیاض کی ایک ایمبولینس سروس راؤ ایمبولینس کے نام سے بھی چل رہی ہے،

ایمبولینس سروس شہر کے دو بڑے نجی اسپتالوں میں چلائی جارہی ہے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع کورنگی تصویر محل پولیس چوکی کے سابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

کراچی میں پولیس کا چھاپہ، مشہور کمپنی کے نام سے جعلی آئل بنانے میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان میں تسلیم اور ارشاد شامل ہیں، مکان سے مشین خالی بوتلیں ڈھکن

سیل اسٹکرز اور دیگر سامان بھی ملا، ملزمان کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے، پولیس

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں پولیس کا چھاپہ، مشہور کمپنی کے نام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

سہراب گوٹھ میں مختلف مقامات پر پولیس سرپرستی میں منشیات کے اڈے قائم

پولیس کی مبینہ سرپرستی میں کھلے عام منشیات کی خرید وفروخت کی ویڈیو بھی سامنے آگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سہراب گوٹھ میں مختلف مقامات پر پولیس سرپرستی میں منشیات کے اڈے قائم ہیں، اور جنت گل ٹاؤن، ایوب گوٹھ اور اطراف کے علاقوں میں منظّم منشیات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

سی پی این ای کی صحافی مطیع اللہ جان، ثاقب بشیر اور شاکر محمود اعوان کی گرفتاری پر مذمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے سینئر صحافی مطیع اللہ جان، ثاقب بشیر اور لاہور ہائی کورٹ کے بیٹ رپورٹر شاکر محمود کی گرفتاری اور جبس بیجا میں رکھنے کی مذمت کرتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

اگر ملک میں حالات خراب ہوں تو گورنر راج لگایا جاسکتا، آئین اجازت دیتا ہے، آغا سراج درانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی احتساب عدالت نے سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی و دیگر کیخلاف آمدن سے زائد اثاثے بنانے کا ریفرنس کی سماعت نیب پراسیکیوٹر کی غیر حاضری کے باعث بغیر کسی کارروائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی جاوید عالم اوڈھو سے آٹو اسپیئر پارٹس ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کراچی، اینٹی تھیفٹ سیل واٹر کارپوریشن کا پانی چوروں کیخلاف کامیاب آپریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اینٹی تھیفٹ سیل واٹر کارپوریشن نے پاکستان رینجرز کے ہمراہ پانی چوروں کے خلاف ایک بڑا آپریشن کیا۔ یہ مشترکہ آپریشن خیرآباد منگھو پیر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

سابقہ سسر کو پھنسانے کی کوشش کرنے والا ملزم ساتھیوں سمیت گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابقہ سسر کو پھنسانے کی کوشش کرنے والے ملزم کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا گیا، ملزم لاکھوں کی رقم لوٹنے کا الزام سابقہ سسر پر لگانا چاہتا تھا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں ون فائیو مددگار پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

لیاقت آباد 10 نمبر سے کراچی والوں کا گزرنا امتحان

جگہ جگہ گڑھے ہونے کے باعث جہاں ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں لیاقت آباد 10 نمبر کی مرکزی شاہراہ کا ایک بڑا حصہ ٹوٹ پھوٹ کے باعث وہاں سے گزرنے والوں کے لیے اذیت کا باعث بنا ہوا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

وسطی ایشیا کے ممالک کو کی جانے والی پاکستانی برآمدات میں نمایاں اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رواں مالی سال کے دوران وسطی ایشیا کے پانچ ممالک کو کی جانے والی پاکستانی برآمدات میں 1.09 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان (پی بی ایس) کی رپورٹ کے مطابق جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

آرمی چیف سرحدوں کیساتھ معیشت کی حفاظت بھی کر رہے ہیں، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر سرحدوں کی حفاظت کے ساتھ معیشت کی حفاظت بھی کر رہے ہیں۔ کامران (باقی صفحہ نمبر3 بقیہ28)

اینٹی تھیفٹ سیل واٹر کارپوریشن پاکستان رینجرز کے ہمراہ پانی چوروں کے خلاف خیر آباد منگھو پیر میں آپریشن کر رہا ہے

مذموم سیاسی مقاصد کا حصول

پی ٹی آئی کا ہلاکتوں کے حوالے سے جھوٹا پروپیگنڈا

36 عام شہری اور 66 قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار زخمی حالت میں اسپتال لائے گئے تھے جبکہ پولی کلینک اسپتال میں کوئی لاش نہیں لائی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مذموم سیاسی مقاصد کے حصول کیلئے پی ٹی آئی کی جانب سے مظاہرین کی ہلاکتوں کے حوالے سے جھوٹا پروپیگنڈا کیا جارہا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف سوشل میڈیا پر احتجاج کی ناکامی کو چھپانے کے لئے من گھڑت پروپیگنڈا پھیلانے لگی، سوشل میڈیا پر جعلی تصاویر، ویڈیوز اور غلط اعداد وشمار کا سہارا لیا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی نے سیاسی مقاصد کے حصول کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سعید غنی پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس کے جلسے کی تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں

اسٹاک مارکیٹ کی تاریخی کامیابی، شرجیل میمن کی سرمایہ کاروں کو مبارکباد

پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت ہمیشہ معاشی ترقی، روزگار کی تخلیق، اور پائیدار ترقی کیلئے پرعزم رہی ہے، ہم نے سندھ میں معیشت کی بہتری اور عوامی خوشحالی کے لیے معاشی اصلاحات اور ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحات میں رکھا ہے، صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے پی ایس ایکس انڈیکس 100,000 پوائنٹس کی تاریخی سطح عبور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

ایس ایس پی سکھر کی قیادت میں پولیس اور رینجرز کا گدپور کچے میں ڈاکوؤں کیخلاف ٹارگٹڈ آپریشن جاری

یاسین تیغانی گینگ کے کئی ٹھکانوں کو تباہ کیا جاچکا ہے اور ڈاکوؤں کی متعدد پناہ گاہوں اور مغویوں کو رکھنے والی جگہوں کو بھی تباہ کر دیا گیا، امجد احمد شیخ

سکھر (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی سکھر امجد احمد شیخ کی سربراہی میں سکھر پولیس اور رینجرز نے گدپور کچے میں ڈاکوؤں کیخلاف ایک بڑے ٹارگٹڈ آپریشن کا آغاز کیا ہے۔ یہ آپریشن (باقی صفحہ نمبر3 بقیہ 30)

کراچی میں جاری میگا منصوبوں کو مقررہ وقت پر مکمل کیا جائے گا

سعید غنی

پیپلز پارٹی کے 57 ویں یوم تاسیس کا جلسہ 30 نومبر ہفتہ کی دوپہر 3.00 بجے نشتر پارک کی بجائے اب ریلوے گراؤنڈز کالا پل پر منعقد ہوگا، ناگزیر وجوہات کے باعث جلسہ کا مقام تبدیل کیا گیا ہے، صوبائی وزیر بلدیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ کراچی میں جاری میگا منصوبوں کو ان کے مقررہ وقت پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

یہ نہیں ہوسکتا قومی ٹیم بھارت جاکر کھیلے اور بھارتی ٹیم پاکستان نہ آئے، محسن نقوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ پاکستانی ٹیم بھارت جا کر کھیلے اور بھارتی ٹیم پاکستان نہ آئے، ہائبرڈ ماڈل پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

رفاہ عام سوسائٹی ملیر ہالٹ کراچی کی مین شاہراہ پر18 انچ کی پائپ لائن پر مرمت کا کام مکمل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کراچی کے ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد، کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے مینیجنگ ڈائریکٹر صلاح الدین، چیف انجینئر شاہ فیصل ٹاؤن، محمد علی شیخ کی مشاورت و ہدایت پر عرصہ دراز سے جو مسئلہ سست روی کا شکار تھا وہ حل ہوگیا ہے۔ رفاہ عام سوسائٹی کی مین شاہراہ پر 18 انچ (قطر) کی پائپ لائن جو میٹھے پانی کے ساتھ منسلک ہوگئی تھی اسے علیحدہ کر دیا گیا ہے۔

محمود اچکزئی کا پی ٹی آئی کیخلاف کریک ڈاؤن کی جوڈیشل انکوائری کا مطالبہ

پرامن احتجاج کرنے والے ہزاروں کارکنوں کو ڈی چوک اسلام آباد پر گولیوں کا نشانہ بنایا گیا، معاملے کی عدالتی انکوائری ہونی چاہیے،، سربراہ پشتون خوامیپ

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) تحریک تحفظ آئین پاکستان اور پشتون خوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے پی ٹی آئی کیخلاف کریک ڈاؤن کی عدالتی انکوائری کا مطالبہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

انصاری شوگر مل کے قریب چنگ چی رکشہ اور موٹر سائیکل میں زوردار تصادم، 4 افراد شدید زخمی

ٹنڈو محمد خان (اسٹاف رپورٹر) ٹنڈو محمد خان حیدر آباد روڈ پر انصاری شوگر مل کے قریب چنگچی رکشہ اور موٹر سائیکل میں زوردار تصادم ہوگیا جس کے نتیجے میں چار افراد ہیرو، مراد، عظیم، اور حسن شدید زخمی ہونے تمام زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کیلئے سول اسپتال ٹنڈو محمد خان لایا گیا جہاں پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد سول اسپتال حیدر آباد داخل کرایا گیا۔



انتہا پسند ہندوؤں نے خواجہ غریب نواز کے مزار کو بھی نشانے پر لے لیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں نمایاں ترین مساجد اور مزارات کو مندر قرار دینے کے لیے انتہا پسند ہندوؤں کا پروپیگنڈا ایک زمانے سے جاری ہے۔ کبھی بنارس اور متھرا (باقی صفحہ نمبر3 بقیہ 33)



اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا ماسکو کے سرکاری دورے کے دوران شہدا یادگار پر حاضری

وفد کے اراکین نے شہدا یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد ماسکو میوزیم کا بھی دورہ کیا،

ریاستی ڈوما کی سیکیورٹی اور کرپشن کنٹرول کمیٹی کے چیئرمین واسیلی پسکاریف بھی ہمراہ موجود تھے

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے اسپیکر قومی اسمبلی، جناب سردار ایاز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

سندھ حکومت کا پاور چیلنجز سے نمٹنے کیلئے جامع پلان کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر برائے توانائی، منصوبہ بندی و ترقی سید ناصر شاہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت صوبے کے بجلی کے بنیادی اسٹرکچر میں انقلاب لانے کیلئے اہم اقدامات کر رہی ہے۔ ناصر شاہ نے کہا کہ سندھ کے متبادل توانائی پروگرام میں صوبے کے توانائی کے مسلسل چیلنجز سے نمٹنے کے لیے متعدد اختراعی طریقے شامل ہیں۔

اے این ایف کا تعلیمی اداروں کے گردونواح میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

فتح چوک حیدر آباد میں پیٹرول پمپ کے قریب ملزم سے 3 کلو چرس برآمد، پیر

ودھائی موڑ جی ٹی روڈ راولپنڈی کے قریب ملزم سے 2.400 کلوگرام چرس برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اے این ایف کا تعلیمی اداروں کے گردونواح اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈان جاری۔ 9 کاروائیوں میں 9 ملزمان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

سندھ کی جامعات میں کنٹریکٹ پر اساتذہ کی تقرریوں کا نوٹیفکیشن منسوخ کرنیکا مطالبہ

حکومت سندھ کے نمائندے سنڈیکیٹ اور سینیٹ میں موجود ہوتے ہیں، پروفیسر اختیار گھمرو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈریشن آف آل پاکستان یونیورسٹیز اکیڈمک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

جیکب آباد میں ملیریا کے کیسز میں اضافہ، کمسن بچی جاں بحق، سینکڑوں لوگ مبتلا

جیکب آباد (اسٹاف رپورٹر) جیکب آباد میں ملیریا کے کیسز میں اضافہ، کمسن بچی جاں بحق، سینکڑوں لوگ مبتلا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد اور گردونواح کے علاقوں میں ملیریا کے کیسز میں بے پناہ اضافہ ہوگیا ہے، ملیریا کی بڑھتے ہوئے کیسز کے باوجود محکمہ صحت کی جانب سے کوئی اقدامات نہیں کئے گئے اور نہ مچھر مار اسپرے کرایا گیا ہے جس کی وجہ سے عوام سخت اذیت کا شکار ہے۔

چمن میں قبائلی عمائدین کے جرگے کا انعقاد

علاقے میں قیام امن اور پاک افغان سرحد کی حفاظت کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں،

قبائلی مشران نے امن وامان اور علاقے کیلئے سماجی خدمات پر ایف سی کی کاوشوں کو سراہا

چمن (مانیٹرنگ ڈیسک) چمن میں قبائلی عمائدین کے جرگے کا انعقاد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پارلیمانی وفد کے ہمراہ ماسکو کے تین روزہ سرکاری دورے کے دوران کریملن میموریل/شہدا یادگار پر حاضری دے رہے ہیں

جنید جمشید نے کتنی شادیاں کی تھیں، بیٹے کے تازہ انکشافات

میری والدہ کے علاوہ والد کی دو مزید بیویاں تھیں، ان میں سے ایک بیوی والد کیساتھ طیارہ حادثے میں جاں بحق ہوئیں، دیگر دونوں بیویوں سے کوئی اولاد نہیں تھی، بابر جنید

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرحوم نعت خواں اور گلوکار جنید جمشید کے بیٹے بابر جنید جمشید نے پہلی بار اپنے والد کی شادیوں پر کھل کر بات کی ہے۔ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

چمن: آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر، چمن کے قبائلی عمائدین اور سول انتظامیہ کے عہدیداران سے گفتگو کر رہے ہیں

روزنامہ
تشکر
کراچی
نیوز

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریوریڈیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

آپریشن، گرفتاریاں، مظاہرین منتشر، پی ٹی آئی کا احتجاج ختم

بلیو ایریا میں تحریک انصاف کے رہنماؤں بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور کی قیادت میں آنے والے جلوس کے شرکا کو اسلام آباد پولیس، پنجاب پولیس، رینجرز اور ایف سی نے گرینڈ آپریشن کر کے منتشر کردیا۔ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور اور سینئر رہنماؤں کیلئے تیار کیا گیا کنٹینر بھی جل گیا۔ بڑی تعداد میں کارکن بھی حراست میں لے لئے گئے۔ بلیو ایریا کو مظاہرین سے خالی کروالیا گیا۔ آپریشن کے دوران پولیس نے آنسو گیس، ہوائی فائرنگ کی جس سے مظاہرے کے شرکا بلیو ایریا سے مختلف سمتوں کی جانب دوڑتے رہے۔ پولیس ان کارکنوں کو گرفتار کرنے کیلئے ان کا پیچھا کرتی رہی۔ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور گاڑی میں بلیو ایریا سے اس دوران روانہ ہوگئے۔ پولیس نے ان کی گاڑی کا بھی تعاقب کیا۔ پولیس، رینجرز اور ایف سی کی ٹیموں نے ایف سیون، ایف ایٹ، جی سیون کی گلیوں، فیصل ایونیو، سرینگر ہائی وے، اسلام آباد ہائی وے پر جانے والے کارکنوں کا پیچھا کیا۔ بتایا گیا ہے کہ 500 سے زیادہ کارکن حراست میں لے لئے گئے۔ آپریشن سے قبل صبح سے رات تک پولیس اور پی ٹی آئی کے کارکنوں کے درمیان آنسو گیس کے شیل چلتے رہے جس سے سانس لینا بھی دشوار تھا۔ قبل ازیں تحریک انصاف کے احتجاج کے دوران انتشار سے نمٹنے کیلئے وفاقی دارالحکومت میں فوج طلب کرلی گئی تھی۔ جس سے واضح کیا گیا تھا کہ قانون توڑنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ پاک فوج کو کرفیو کے نفاذ اور شرپسندوں کو دیکھتے ہی گولی مارنے کے اختیارات بھی دیئے گئے تھے جن کے استعمال کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ پولیس، رینجرز اور ایف سی نے ڈی چوک کو پی ٹی آئی کے مظاہرین سے خالی کرالیا جس کے بعد ڈی چوک مکمل طور پر رینجرز کے کنٹرول میں ہے۔ دریں اثنا تحریک انصاف نے احتجاج منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت کی روشنی میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں پرامن مظاہرین کیخلاف بربریت کا مظاہرہ کیا گیا، انہوں نے دعویٰ کیا کہ پی ٹی آئی کے آٹھ کارکن شہید ہوئے ہیں جن کے کوائف آچکے ہیں، کارکنوں کو سیدھی گولیاں ماری گئیں، کارکنان کے قتل اور آپریشن کی مذمت کرتے ہیں۔

تحریک انصاف کی احتجاج کی کال کے بعد عوام کی زندگیاں اجیرن بن کے رہ گئی تھیں۔ اسلام آباد کو سیل کردیا گیا تھا موٹرویز شاہراہیں بس ویگن اڈے بھی بند کرنے کے احکامات تھے۔ عدالتیں کھلی تھیں مگر وکلا خصوصی طور پر سائلین اور پٹیشنر دور دراز علاقوں سے کیسے عدالتوں میں آسکتے تھے۔ حکومت کی طرف سے جو کارروائی گزشتہ روز کی گئی وہ پہلے دن کرلی جاتی تو تین چار روز صورتحال دگرگوں نہ رہتی۔ بہت سے لوگ اپنی ڈیوٹی پر نہ پہنچ سکے۔ کتنے مریض ہسپتال جانے سے قاصر رہے۔ کئی شادیاں التوا کا شکار ہوگئیں۔ معیشت جو پہلے ہی زبوں حالی کا شکار ہے اس کو مزید زک پہنچی۔ یہ صرف پی ٹی آئی کے احتجاج ہی پر موقوف نہیں ہے، ایسے احتجاج مظاہرے دھرنے جب بھی ہوتے ہیں ایسا ہی ہوتا ہے۔ جن میں دونوں طرف کے لوگ مارے جاتے اور زخمی ہوتے رہے ہیں۔ حتمی طور پر حکومتیں سیاسی کارکنوں اور لیڈروں کو رہا کر دیتی ہیں جو لوگ مارے جاتے ہیں ان کا خون رزق خاک ہو جاتا ہے۔ پرامن احتجاج کا ہر کسی کو حق ہے۔ پرامن کہنے سے احتجاج یا مظاہرے پرامن نہیں ہو جاتے۔ اس احتجاج کو بھی پرامن کہا گیا جس میں پولیس اور رینجرز کے چھ اہلکار شہید ہوئے۔ تحریک انصاف کے دعوے کے مطابق اس کے آٹھ ورکر جاں بحق ہوئے۔ دونوں طرف سے سو سو سے زیادہ کے زخمی ہونے کی بھی بات کی جارہی ہے۔ ایسے میں کہاں پرامن احتجاج رہ جاتا ہے۔ اگر احتجاج کے نام پر خونریزی ہونی ہے تو کیا ایسے احتجاجوں پر قانون سازی کے ذریعے پابندی نہیں لگنی چاہیئے؟

رینجر کے چار اہلکار شہید ہوئے ان کی نماز جنازہ میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف نے شرکت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے کہا گیا کہ انتشاری ٹولہ انقلاب نہیں خون ریزی چاہتا ہے یہ پرامن احتجاج نہیں شدت پسندی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی طرف سے ڈی چوک خالی ہونے کے بعد وہاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے یقین ظاہر کیا گیا کہ آج حالات مکمل طور پر معمول پر آجائیں گے۔ پی ٹی آئی والوں نے اور کتنی بار یہ کرنا ہے، اب بس کریں۔

پارلیمان موجود ہے تحریک انصاف اس کا حصہ ہے۔ خیبر پختونخواہ میں اس کی حکومت ہے۔ پارلیمنٹ میں اپنی بات رکھی جائے۔ تحریک انصاف کی جوشیلی قیادت اپنے لیڈر کی رہائی چاہتی ہے۔ ان کی رہائی تک 24 نومبر کو شروع ہونے والے احتجاج کو جاری رکھنے کے اعلانات ہوتے رہے۔ ایسا ممکن نہیں ہے کہ آپ مظاہروں کے ذریعے کسی کو جیل سے نکال کر لے جائیں۔ عمران خان نے جیل سے بیٹھ کر احتجاج کی کال دی تھی۔ ان کے تین مطالبات تھے: 26ویں آئینی ترمیم ختم کی جائے۔ تحریک انصاف کے مقید کارکنوں کو رہا کیا جائے۔ پی ٹی آئی کا مینڈیٹ واپس کیا جائے۔ ان کے بقول آٹھ فروری 2024 کے الیکشن میں تحریک انصاف نے دوتہائی اکثریت حاصل کی تھی۔

بلال کالونی پولیس کی ٹیکنیکل کاروائی، بینک کیش لوٹنے والا تین رکنی بین الصوبائی گینگ گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) بلال کالونی پولیس نے ایک بڑی کامیاب کاروائی کے دوران 125 موٹر سائیکل اور بینک کیش لوٹنے والے تین رکنی بین الصوبائی گینگ کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی سینٹرل نے بتایا کہ یہ گینگ گزشتہ کچھ عرصے سے کراچی کے مختلف علاقوں میں اسٹریٹ کرائم اور ڈکیتی کی وارداتیں کر رہا تھا۔ ملزمان نے رواں ہفتے بلال کالونی کی حدود میں واقع اپنا لان شادی ہال کے قریب مشرف نامی شہری کو گن پوائنٹ پر لوٹ کر اس کا کیش اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے تھے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے لوٹی ہوئی رقم اور دیگر سامان برآمد کیا ہے۔ ایس ایس پی سینٹرل کے مطابق، ملزمان کی شناخت حضور عرف "ڈون"، ظفر عرف "لمبا" اور وسیم عرف "کمانڈو" کے ناموں سے ہوئی ہے۔ یہ گروہ ڈسٹرکٹ سینٹرل، ویسٹ اور کیماڑی کے مختلف علاقوں میں وارداتیں کرتا تھا اور متعدد بار پولیس کے ساتھ مقابلے کرچکا تھا۔ پولیس نے ان کے قبضے سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ، لوٹی ہوئی رقم اور 125 چھینی ہوئی موٹر سائیکلیں بھی برآمد کیں۔ ایس ایس پی سینٹرل نے مزید بتایا کہ ملزمان اسٹریٹ کرائم اور چھینا جھپٹی کی درجنوں وارداتوں میں ملوث ہیں اور ڈکیتی کے دوران مزاحمت کرنے والوں پر فائرنگ کرتے تھے۔ ان کا گینگ 6 افراد پر مشتمل ہے، جو انتہائی چالاکی سے ریکی کر کے وارداتیں کرتے تھے، جن کی تصاویر CCTV کیمروں میں موجود ہیں۔ گرفتار ملزمان نے گزشتہ روز بلال کالونی کے سیکٹر 5/E میں طاہر نامی شہری سے 125 موٹر سائیکل چھینی تھی اور مزاحمت پر فائرنگ کر کے فرار ہوگئے تھے۔ اسی طرح، دو روز قبل ملزمان نے پولیس اسٹیشن مدینہ کالونی کے قریب عبدالستار سے بھی موٹر سائیکل چھینی اور مزاحمت پر فائرنگ کر کے فرار ہوگئے تھے۔ ایس ایس پی سینٹرل نے مزید بتایا کہ ملزمان اتحاد ٹاؤن کی کچی آبادی کے رہائشی ہیں اور ڈسٹرکٹ ویسٹ سینٹرل کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی کی وارداتیں کرتے تھے۔ ان کے گروہ نے جعلی کرنسی کا کاروبار بھی شروع کر رکھا تھا، اور پولیس نے ان کے قبضے سے بھاری تعداد میں جعلی کرنسی بھی برآمد کی۔ ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانہ جات میں مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔

شوبز نیوز
تشکر

اپنی اہلیہ ثناء کو ایک دوست کی شادی میں دیکھا تھا، فیصل قریشی

کراچی (شوبز نیوز) سینئر اداکار فیصل قریشی نے کہا ہے کہ اپنی اہلیہ ثناء کو ایک دوست کی شادی میں دیکھا تھا، میں نے وہاں تصاویر بنائیں تھی تو ثناء نے اپنا ای میل ایڈریس دیا نمبر بھی نہیں دیا تھا، بات آگے بڑھنے میں ڈیڑھ سے دو سال کا تعطل آیا۔ ایک انٹرویو میں فیصل قریشی نے بتایا کہ ای میل کی کوئی جواب نہ آیا میں نے دوسری ای میل کردی بعد میں نمبر لیا اور کہا میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔ ثناء نے صاف الفاظ میں کہا کہ میرے والد سے بات کریں۔ ان کے والد سے بات ہوئی تو روایتی سوال و جواب کے بعد شادی ہوگئی اور الحمد اللہ آج ہمارے رشتے کو 12 سے 13 سال ہوگئے ہیں اور ہم خوشگوار زندگی بسر کر رہے ہیں۔ سینئر اداکار فردوس جمال نے کہا ہے کہ میں ہمیشہ سچی اور کھری بات کرتا ہوں اور سننے والے اسے کسے انداز میں لیتے ہیں میں اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا، فن سے وابستہ لوگوں کو چھوڑ دیں آپ دیکھنے والوں سے پوچھ لیں میں نے جن اداکاروں کے بارے میں کہا ہے وہ ہیرو اور ہیروئن کی عمر کے نہیں ہیں سب کو اس کا جواب مل جائے گا، میں نے زندگی میں دوسروں کے لئے ہمیشہ اچھا کیا ہے اس لئے مطمئن ہوں۔ ایک انٹرویو میں فردوس جمال نے کہا کہ میں کسی بھی حالت میں اپنے رب سے مایوس نہیں ہوتا اور یہی وجہ ہے کہ اس نے مجھے ہر مشکل گھڑی سے نجات دی ہے، مشکل وقت آپ کو کچھ سکھانے کے لئے آتا ہے، اس میں آپ کے صبر کا بھی امتحان ہوتا ہے جسے رب نے بہت پسند کیا ہے۔ فردوس جمال نے کہا کہ میں نے لاہور میں آکر بڑی محنت کی اور نام کمایا، جو لوگ مجھ سے قربت رکھتے ہیں انہیں میری جدوجہد کا اچھی طرح علم ہے۔

قائد کے شہر سے
تشکر

ناتھا خان کے گورنمنٹ اسکول بھی ڈکیتوں سے محفوظ نہ رہ سکا

جموٹر سائیکل دو مسلح ڈاکوؤں نے سرکاری اسکول کی پرنسپل کو لوٹنے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی، مجمع جمع ہوگیا ڈاکوؤں نے فائرنگ کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے ناتھا خان گوٹھ میں ڈرامائی صورتحال، ڈاکوؤں نے گورنمنٹ اسکول کی پرنسپل کو لوٹنے کے بعد مجمع جمع ہونے پر اندھا دھند گولیاں برسانا شروع کردیں، بھگدڑ مچ گئی، ڈاکو گولیاں برساتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی۔ تفصیلات کے مطابق ناتھا خان گوٹھ میں دن دھاڑے ڈاکوؤں نے سرکاری اسکول کی پرنسپل سے ان کا بیگ چھین لیا، ہیلمٹ پہنے ہوئے دو ڈاکو فرار ہونے لگے تو آس پاس موجود لوگوں نے انہیں پکڑنے کی کوشش کی۔ منظر عام پر آنے والی فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایک ڈاکو نے پستول نکال کر اندھا دھند فائرنگ شروع کردی، اسکول کی بچیاں اور راہ گیر ادھر ادھر بھاگنے لگے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ایسے میں کچھ لوگوں نے ڈاکوؤں کو پکڑنے کی کوشش کی ان کے پیچھے بھاگے لیکن دونوں ڈاکو موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ علاقہ مکینوں نے پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہیکہ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ان ڈاکوؤں کو فوری گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

نوٹو بیکو، نو اسموکنگ، ڈپٹی کمشنر سینٹرل کا سخت ایکشن پلان

کراچی (رپورٹ فراز حسین) ڈپٹی کمشنر سینٹرل کے دفتر میں ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کی ڈسٹرکٹ امپلیمنٹیشن اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی ٹوبیکو کنٹرول کا اجلاس منعقد ہوا جسکی صدارت اس کمیٹی کے چیرمین اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون عاصم عباسی نے کی۔ اجلاس میں ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کے صوبائی کوآرڈینیٹر تنویر قائم خانی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر بلال ظفر، ٹانز کے فوکل پرسنز، ٹریفک پولیس اور پولیس کی انتظامیہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں نوٹوبیکو اور نو اسموکنگ کی آگاہی کے لیئے زور دیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عاصم عباسی نے اس سلسلے میں مختلف علاقوں میں این جی اوز کے ساتھ واک کرنے، پرائیوٹ اور سرکاری پراسکولز میں بچوں کو نوٹوبیکو اور نو اسموکنگ کی آگاہی کے لیئے سیمنار اور کلاسز منعقد کروانے کا فیصلہ کیا گیا اور ان تمام ایکٹیویٹیز میں اسسٹنٹ کمشنرز کو بھی انگیج کرنے کے لیئے احکامات جاری کیئے۔ ٹریفک پولیس کو پابند کیا کہ وہ پبلک بسز اور ویگنوں میں بھی چیک کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی سگریٹ اور گٹکا کھاتا ہوا نہ پایا جائے اب تک تین ماہ کے ہونے والے فائن پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے عدم اطمینان کا اظہار کیا اور کارکردگی بہتر بنانے کو کہا جبکہ ڈسٹرکٹ کے تمام ہوٹلز، ریسٹورنٹس، جمز، شاپنگ مالز، پرائیوٹ دفاتر اور دیگر مقامات پر سرپرائز وزٹ کرنے اور مختلف چورنگیوں اور پبلک مقامات پر نوٹوبیکو اور نو اسموکنگ کے خلاف بینرز لے کر کھڑے ہونے کے احکامات جاری کیئے۔ اس سلسلے میں تاجر الائنس اور دیگر انتظامیہ کو آن بورڈ کرنے کو بھی کہا گیا۔

ٹریفک پولیس کا فینسی جعلی نمبر پلیٹس، پولیس فلیش لائٹس اور کالے شیشوں والی گاڑیوں کیخلاف آپریشن

کراچی (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف سندھ پولیس غلام نبی میمن کے احکامات پر ڈی آئی جی ٹریفک کراچی احمد نواز کی سربراہی میں کراچی ٹریفک پولیس نے شہر بھر میں فینسی جعلی نمبر پلیٹس، پولیس فلیش لائٹس اور کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی شروع کردی ہے۔ اس آپریشن کے دوران ان تمام گاڑیوں کو ضبط کیا جارہا ہے جو قانون کی خلاف ورزی کر رہی ہیں، اور گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے خلاف قانونی مقدمات بھی درج کیے جارہے ہیں۔ ٹریفک پولیس کی جانب سے شہریوں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اپنی گاڑیوں پر صرف گورنمنٹ سے منظور شدہ نمبر پلیٹس کا استعمال کریں۔ علاوہ ازیں، رنگین شیشوں کا استعمال اور پولیس فلیش لائٹس کی غیر قانونی استعمال سے گریز کریں تاکہ شہر میں ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنایا جاسکے اور عوامی سلامتی کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

فلسطین و لبنان میں مظلوم و نہتے مسلمانوں کی نسل کشی کو اقوام متحدہ بزور طاقت روکے، شاداب رضا نقشبندی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی نے کہا ہے کہ مظلوم کیلئے آواز بلند کرنا ہر مسلمان کا دینی و اخلاقی فرض ہے، فلسطین و لبنان میں مظلوم و نہتے مسلمانوں کی نسل کشی کو اقوام متحدہ بزور طاقت روکے، اسرائیل دنیا کے امن کو تباہ کرنا چاہتا ہے انصاف اور طاقت کے توازن کو ہر حال میں ممکن بنانا ہوگا، جی سیون ممالک نیتن یاہو کی گرفتاری کو یقینی بنانے کیلئے مشترکہ حکمت عملی بنائیں، عالمی عدالت انصاف کے فیصلے کو نہ ماننا انصاف پر مبنی فیصلوں کی تضحیک ہے، اقوام متحدہ اور عالمی عدالت دنیا کو بتائیں نیٹو فوج کا استعمال کیا صرف مسلم ممالک پر ہوگا، جنگی جرائم کا مرتکب اسرائیل سلامتی کونسل کی قرارداد اور عالمی عدالت کے فیصلے کو تسلیم نہیں کررہا اس کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے، شدت پسندی پر یقین نہیں رکھتے مگر اسرائیل شدت پسندی اور مسلم نسل کشی کے ذریعے حالات کو خراب کررہا ہے، جنگ بندی کے باوجود اسرائیل لبنان اور فلسطین میں بمباری کررہا ہے، اسرائیل کے خلاف اقوام متحدہ کو نیٹو فوج کے آپریشن کے آپشن کو استعمال کرنا ہوگا، او آئی سی مسلم اُمہ کی ترجمانی کرتے ہوئے غزہ کے مسلمانوں کے تحفظ کو یقینی بنائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے غزہ و لبنان میں اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا محمد شاداب رضا نقشبندی کا کہنا تھا کہ ظلم و جبر کی اندھیری رات ختم ہونیوالی ہے اسرائیل جلد نشان عبرت بنے گا، پاکستانیوں نے اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ کر کے دنیا کو بتادیا ہے ظالم و جابر اور ناجائز ریاست قائم کرنے والوں کو پوری دنیا میں پسپائی کا سامنا ہوگا، انہوں کا کہنا تھا کہ غزہ کے مظلوم مسلمانوں کی حمایت جاری رکھیں گے، اسرائیل ایک طرف جنگی جرائم کا بدترین مجرم ہے تو دوسری طرف عالمی اداروں کے فیصلوں کو تسلیم نہ کر کے کھلی دہشتگردی کررہا ہے۔

نیو کراچی ٹاؤن میں موجود کچی آبادیوں میں بنیادی بلدیاتی سہولیات کی فراہمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی ٹاؤن میں موجود کچی آبادیوں میں بنیادی بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، جماعت اسلامی کے منتخب بلدیاتی نمائندے بلاتفریق رنگ و نسل اپنی خدمات پیش کررہے ہیں، ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر نے یونین کمیٹی نمبر 06 خمیسو گوٹھ میں نئی ڈالی جانے والی پانی کی لائن کا معائنہ کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر یونین کمیٹی نمبر 06 کے چیئرمین رحمت علی، یوسی وائس چیئرمین افضل بروہی، یوسی کونسلر و اراکین یونین کمیٹی، سپرٹینڈنگ انجینئر بی اینڈ آر اشفاق حسین، انچارج بی اینڈ آر فیصل صغیر، AEE بی اینڈ آر صفدر حسین، AEE بی اینڈ آر ساجد صدیقی و دیگر ٹاؤن افسران بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خمیسو گوٹھ کے اس علاقے میں پانی کی لائن شروع دن سے موجود ہی نہیں ہے اور علاقہ مکین اپنی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے دوسرے علاقوں سے پانی لاتے ہیں یہ ظلم کی انتہا ہے کہ کچی آبادی کے لوگوں کو پانی تک کی بنیادی سہولت میئسر نہیں ہے یہ عوامی خدمت فراہم کرنے والے اداروں پر سوالیہ نشان ہے۔ جماعت اسلامی کے منتخب بلدیاتی نمائندوں نے عوام کی شکایت پر علاقے کا دورہ کیا اور موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے عوام کی پریشانی اور ان کے اس دیرینہ مطالبے پر فوری عمل کرتے ہوئے متعلقہ محکمے کو ہدایت جاری کیں الحمد اللہ آج عوام کے اس مسئلے کو حل کیا جا رہا ہے اور نیو کراچی ٹاؤن کی جانب سے خمیسو گوٹھ میں پانی کی 4 انچ قطر کی ایک ہزار رننگ فٹ لائن ڈالی جارہی ہے جس سے علاقے کے لوگوں کی پانی کی ضروریات پوری ہونگی اس سلسلے میں علاقہ معززین اور جماعت اسلامی کے کارکنان کی کوششیں قابل تعریف ہیں اور میں چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا بھی بے حد مشکور ہوں جنہوں نے عوام کے درد اور پریشانی کو محسوس کرتے ہوئے عوام کے مطالبے کو پورا کیا ہم صرف وعدے نہیں کرتے بلکہ وعدے وفا کرتے ہیں، الحمداللہ جماعت اسلامی کے نمائندے عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں اور نیو کراچی ٹاؤن کے پوش علاقے ہوں یا کچی آبادیاں ہوں ہر جگہ بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لئے شب و روز کوشاں ہیں۔

اس ملک کو نوجوان اور پرعزم لیڈرشپ کی ضرورت ہے، بیرسٹر مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کی میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ اس ملک کو نوجوان اور پرعزم لیڈرشپ کی ضرورت ہے، بروقت اور جرت مندانہ اقدامات سے ہی بہتر فیصلے کیے جا سکتے ہیں، نوجوان اور پرعزم آفیسرز ملک کی قسمت بدل سکتے ہیں، کراچی کے انفراسٹرکچر، اسٹریٹ لائٹس، پلوں اور فلائی اوورز کو بہتر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، کے ایم سی کے ٹیکس کلیکشن میں اضافے سے صورتحال میں بہتری آئی ہے، کے ای کے ذریعے ٹیکس کلیکشن سے تین ارب روپے سے زائد سالانہ کی آمدنی متوقع ہے، کراچی کے لیے اولین ترجیح صاف پانی کی فراہمی اور سیوریج کے نظام کو بہتر کرنا بھی ہے جس کے لئے عملی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے صدر دفتر بلدیہ عظمیٰ کراچی میں پولیس سروس کے 51ویں اسپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام اور 27ویں کمانڈر کورس کے شرکا پر مشتمل ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر میونسپل کمشنر کے ایم سی ایس ایم افضل زیدی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے وفد کو کے ایم سی آمد پر خوش آمدید کہا، انہوں نے کہا کہ کے ایم سی کراچی میں بلدیاتی خدمات کی فراہمی پر مامور مرکزی ادارہ ہے، اس وقت واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کا کنٹرول بھی میئر کراچی کے پاس ہے جس سے شہر میں ہونے والے ترقیاتی کاموں میں اجتماعیت اور تیز رفتاری کو یقینی بنانے میں بہت مدد ملی ہے، اس کے علاوہ شہر کے دیگر بلدیاتی اداروں کے ساتھ بھی مکمل رابطہ رکھا جاتا ہے اور شہریوں کی مشاورت سے تمام امور انجام دیے جارہے ہیں، اس حکمت عملی کے موثر اور مفید نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ادارے کو چلانے کے لئے مالی استحکام لازمی ہے، کے ایم سی کی مارکیٹوں میں دکانوں کا کرایہ دو سو روپے سے ایک ہزار روپے تھا، کے ایم سی کی دکانوں کا کرایہ بڑھایا تو دکاندار احتجاج کے لیے میرے پاس آگئے، کرایہ بڑھانے سے کلیکشن 80 ملین سے بڑھ کر 255 ملین ہوگئی ہے۔

51ST SPECIALIZED TRAINING PROGRAMME / 27TH INITIAL COMMAND COURSE
27TH NOVE

کیماڑی تھانہ بلدیہ پولیس کی خفیہ اطلاع پر کامیاب کاروائی، مطلوب ملزمان گرفتار



کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی تھانہ بلدیہ پولیس کی خفیہ اطلاع پر کامیاب کاروائی۔ ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب ملزمان اسلحہ و چھینی گئی موٹر سائیکل سمیت گرفتار۔ ایس ایس پی کیماڑی۔ ملزمان کو ٹارگیٹڈ کاروائی میں رشید آباد بلدیہ ٹاؤن سے گرفتار کیا گیا۔ کیپٹن)ر (فیضان علی۔ ملزمان میں 1- ابراھیم ولد محمد زاھد اور 2- صفدر ولد حبیب گل شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے بوقت گرفتاری غیر قانونی 30 بور پستول برآمد ہوا۔ ملزمان کے قبضے سے تھانہ گبول ٹاؤن کے مقدمہ 138/22 بجرم دفعہ 392/397/34 کی چھینی گئی ہنڈا 125 موٹرسائیکل بھی برآمد ہوئی۔ ملزمان گن پوائنٹ پر موبائل فون، کیش و موٹر سائیکلیں چھیننے کی وارداتیں کرتے ہیں۔ ملزم ابراھیم اس سے قبل بھی گرفتار ہوکر جیل جاچکا ہے۔ ملزمان کو ایس ایچ او تھانہ بلدیہ سب انسپکٹر عمران سعد کی سربراہی میں پولیس پارٹی نے کاروائی کرتے ہوئے گرفتار کیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

BALDIA TOWN PS
Baldia Division
District Keamari Karachi
القرآن

ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل کی ہدایات پر گٹکا ماوا فروشوں کے خلاف کارروائی

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل ذیشان شفیق صدیقی کی ہدایات پر تھانہ نارتھ ناظم آباد پولیس نے گٹکا ماوا فروشوں کے خلاف ایک بڑی کارروائی کی۔ پولیس نے ہائی روف کے ذریعے پک اینڈ ڈراپ سروس کی آڑ میں گٹکا ماوا کی سپلائی کو ناکام بنا دیا۔ یہ کارروائی نارتھ ناظم آباد کراچی کے مین روڈ بورڈ آفس نزد صائمہ برج ویو بلاک B میں کی گئی، جہاں پولیس نے ملزم محمد احسان ولد حاجی تاج محمد کو گرفتار کیا۔ ملزم کے قبضے سے بڑی مقدار میں تیار گٹکا ماوا کی پڑیاں اور بوریوں کی برآمدگی ہوئی۔ ملزم کے قبضے سے 20 عدد بوریاں، 4000 پڑیاں گٹکا ماوا، ایک عدد ہائی روف اور ایک موبائل فون برآمد ہوئے۔ ملزم بڑی مقدار میں گٹکا ماوا سپلائی کرتا تھا، جسے پولیس نے ہائی روف پر پکڑ کر گرفتاری عمل میں لائی۔ اس کے خلاف مقدمہ الزام نمبر 2024/382 بجرم دفعہ 4/5/8(1) گٹکا ماوا ایکٹ کے تحت درج کیا گیا، اور تفتیش کے لیے حکام کے سپرد کر دیا گیا۔ ملزم کا کرمنل ریکارڈ بھی چیک کیا جارہا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر حمیر احمد کی زیر نگرانی حسین آباد میں تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر نارتھ ناظم آباد، حمیر احمد کی قیادت میں تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے۔ اس آپریشن کا مقصد ضلع سینٹرل سے تجاوزات کا خاتمہ کرنا ہے، جس کے لیے روزانہ کی بنیاد پر رات کے وقت آپریشن کیے جائیں گے۔ حمیر احمد نے کہا کہ آپریشن بلاتفریق اور کسی دباؤ کے بغیر جاری رہے گا، اور اس بات پر زور دیا کہ ریسٹورنٹس، ہوٹلز، اور پتھاروں کے مالکان کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔ تمام کاروباری افراد کو اپنی حدود میں رہ کر کام کرنا ہوگا تاکہ شہر میں تجاوزات کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔

51ویں اسپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت اے ایس پیز کا اسپیشل سیکورٹی یونٹ ہیڈکوارٹرز کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) 51ویں اسپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام اور 27ویں انیشیل کمانڈ کورس کے زیر تربیت اے ایس پیز نے اسپیشل سیکورٹی یونٹ ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا۔ کمانڈنٹ ایس ایس یو انور کھیتران نے انکا استقبال کیا۔ کمانڈنٹ ایس ایس یو نے وفد کو یونٹ کے مختلف شعبوں اور موجودہ پولیس کے نظام کو بہتر بنانے کے اقدامات کے متعلق بریفنگ دی۔ انہوں نے وفد کی مزید آگاہ کیا کہ ایس ایس یو کمانڈوز کو مختلف اداروں بشمول پاک فوج کے تربیتی مراکز سے پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ جسمانی طور پر فٹ رہیں اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا جدید مہارت کے ساتھ مقابلہ کرسکیں۔ کمانڈنٹ ایس ایس یو نے اس بات پر زور دیا کہ انسانی وسائل، شفاف بھرتی اور جدید تربیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان پولیس کو بین الاقوامی معیار پر استوار کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اے ایس پیز نے ایس ایس یو کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور انتظامی امور، مینجمنٹ اور دہشتگردی کے خلاف کارروائیوں میں پیشہ ورانہ معیار کی تعریف کی۔ کمانڈنٹ ایس ایس یو انور کھیتران نے اے ایس پیز کے وفد کو اعزازی شیلڈز بھی پیش کی۔

کراچی پریس کلب کی سینئر صحافی مطیع اللہ جان کی گرفتاری کی شدید مذمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی پریس کلب کے صدر سعید سربازی، سیکرٹری شعیب احمد اور مجلس عاملہ نے سینئر صحافی مطیع اللہ جان کی گرفتاری اور جھوٹی ایف آئی آر درج کرنے کو آزادی اظہار رائے پر حملہ قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں کراچی پریس کلب کے عہدیداروں نے کہا کہ مطیع اللہ جان کی گرفتاری اور ان پر جھوٹا مقدمہ درج کرنا آزادی اظہار رائے پر کھلا حملہ ہے۔ حکومت پر تنقید کرنیوالے صحافیوں کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جانا جمہوریت کی نفی ہے۔ انہوں نے چیف جسٹس سے اپیل کی کہ اس معاملے کا نوٹس لیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 1

عبور کرنے کے لیے حکومتی معاشی ٹیم اور ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مصروف عمل حکام لائق تحسین ہیں۔ اپنی قوم سے عہد کیا تھا کہ ملکی معاشی استحکام اور ملکی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدام کروں گا۔ پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے کے لیے اپنی سیاست کی قربانی دی، اللہ کے فضل و کرم سے قربانی رائیگاں نہیں گئی۔ انہوں نے کہا کہ ملکی استحکام و ترقی کے دشمن ملک کو دوبارہ ڈی ریل کرنے کی مذموم و ناکام کوششیں کررہے ہیں۔ ملک میں مہنگائی کی شرح میں مزید کمی ہوئی ہے، شرح سود 15 فیصد اور ترسیلاتِ زر ریکارڈ سطح پر پہنچ چکے ہیں۔ ملکی ترقی کے لیے یونہی محنت کرتے رہیں گے اور ملکی ترقی و خوشحالی کے دشمنوں کو ان کے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد پر لشکر کشی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا حکم دے دیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں وزیراعظم کو گزشتہ دنوں ملک میں دھرنوں کی صورت میں احتجاج کرنے والوں کی جانب سے سرکاری املاک اور پولیس و رینجرز کے اہل کاروں پر حملے پر بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک میں تاریخی کرپشن اور اپنی حکومت بچانے کیلئے اسے دیوالیہ کرنے والوں کی مذموم سازشیں رچانے والے قانون کی گرفت میں آئے، قانونی راستہ اپنانے کے بجائے بارہا اسلام آباد کی طرف لشکر کشی کر کے ملک بھر میں انتشار کی فضا پھیلانے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ انتشاری ٹولے کی لشکر کشی کے دوران سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کو زخمی اور شہید کیا گیا، یہ کیسے انقلابی ہیں جو اس ملک کی تباہی اور انتشار پھیلانے کی مذموم کوشش کررہے ہیں؟ اسلام آباد پر لشکر کشی کرنے والے شرپسند ٹولے کے خلاف فوری قانونی چارہ جوئی کی جائے، اس حوالے سے استغاثہ کے نظام میں مزید بہتری لائی جائے۔ شہباز شریف نے بتایا کہ شرپسند ٹولے کے منتشر ہوتے ہی اسٹاک ایکس چینج ایک لاکھ پوائنٹس کراس کر گئی اس انتشار پھیلانے کی مذموم کوششوں کے نتیجے میں ملک کو اربوں روپے کا نقصان ہوا ملک کو معاشی نقصان کے ذمہ دار انتشاری ٹولہ اور اس کے کرتا دھرتا ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ انتشاری ٹولے میں شرپسند عناصر کی فوری شناخت کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوائی جائے، انتشاری ٹولے کی لشکر کشی کے دوران اپنے فرائض کی انجام دہی کرتے جام شہادت نوش کرنے والے اہلکاروں کو مجھ سمیت پوری قوم خراج عقیدت پیش کرتی ہے، اسلام آباد یا ملک کے کسی بھی شہر پر ذاتی مقاصد کے حصول کیلئے لشکر کشی کو روکنے کیلئے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے، حکومت نے نام نہاد پر امن دھرنے کے مسلح افراد کو انتشار پھیلانے سے روکنے میں برداشت کا مظاہرہ کیا، آئندہ ایسی کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایک جامع لائحہ عمل مرتب کر کے پیش کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

جاری ہے۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹالونج پر جیلامئے کے طرف سے دوبارہ لشکرکشی کوشش میں 2 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ اس سے پہلے گزشتہ شب مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں 6 افراد زخمی ہوگئے تھے۔ واضح رہے کہ ضلع کے مختلف مقامات پر فائرنگ کے واقعات کے دوران مجموعی طور 111 افراد جاں بحق اور ڈیڑھ سو سے زیادہ زخمی ہو چکے ہیں۔ اس دوران وہاں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس مکمل طور پر معطل ہے اور تعلیمی ادارے بھی بند ہیں۔ مرکزی شاہراہ اور بازار بھی ضلع بھر میں تاحال بند ہیں۔ ڈپٹی کمشنر جاوید اللہ محسود کے مطابق قیام امن کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں اور گرینڈ امن جرگہ مذاکرات کے لیے مشران سے بات چیت میں سرگرم ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ذرائع کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ حملہ آوروں نے دریا کرم کی طرف سے فائرنگ کی تھی۔ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

ٹرافی اپنےنام کرلی، ایف ٹی آرٹیم ٹرافی لیفٹیننٹ جنرل احسن گلریز کی قیادت میں پاک فوج کو بھیجی، پریذیڈنٹ کپ نیشنل چیلنج میچ کی ٹرافی پاک فوج کینائیک وسیم احمد خان کو دی گئی، پاک فضائیہ نیپرائم منسٹر اسکلز ایٹ آرمز بگ بور نیشنل چیلنج جیت لیا ہے۔ پیرافائرنگ میچز (انفینٹری اسکواڈ) میں آزاد کشمیر رجمنٹ نے پہلا انعام حاصل کیا، شوٹنگ کا اعلی ترین اعزاز دی ماسٹرایٹ آرمز ٹرافی پنجاب رجمنٹ کیسپاہی آفتاب احمد کو دی گئی، بیسٹ شاٹ میچ ٹرافی لانس دفعدار محمد عمران اور حوالدار فتح اللہ خان کو دی گئی۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے مقابلے کے شرکا کو نشانے بازی کے بہترین معیار پر سراہا اورع کہا کہ شوٹنگ کی مہارت ایک پیشہ ور سپاہی کی پہچان ہوتی ہے، شوٹنگ میں مہارت حاصل کرنا فوجی تربیت کے بنیادی مقاصد کا مرکز ہونا چاہیے۔ کور کمانڈر راولپنڈی نے جہلم آمد پر آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا استقبال کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے پاک بحریہ کے ریجنل میری ٹائم سیکورٹی پیٹرول اور ساحلی سیکورٹی اور ہاربر ڈیفنس اقدامات کے ذریعے سمندری اور ساحلی تحفظ کو مضبوط بنانے کی کوششوں پر زور دیا۔ وفد کے شرکا میں ارکان پارلیمنٹ، سیاستدان، بیوروکریٹس، مسلح افواج کے افسران، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے پاک بحریہ کی کاوشوں کو بے حد سراہا اور قیمتی تجاویز پیش کیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

ایف آئی آر کے متن کے مطابق پولیس نے مطیع اللہ جان کو ای نائن چیک پوسٹ سے گرفتار کیا، گاڑی کو پولیس نے گزشتہ رات ناکے پر رکنے کا اشارہ کیا تھا۔ مقدمے میں کہا گیا ہے کہ مطیع اللہ جان نے گاڑی روکنے کے بجائے پولیس پر چڑھا دی، گاڑی کی ٹکر سے ڈیوٹی پر مامور کانسٹیبل مدثر زخمی ہوگیا۔ ایف آئی آر میں کہا گیا ہے کہ مطیع اللہ جان نے سرکاری اسلحہ چھین کر اہلکار کو دھمکیاں دیں، گرفتاری کے وقت ملزم نشے میں تھا، گاڑی سے آئس بھی ملی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

کیا جا سکے گا۔ تفصیلات کے مطابق سیف سٹی پروجیکٹ کے تحت جدید کیمروں سے لیس 2 گاڑیاں (ایمرجنسی ریسپانس وہیکل) سڑکوں پر آگئیں، گاڑیوں میں 12 میگا پکسل کے 7 جدید کیمرے نصب ہیں گاڑیوں میں لگے 6 جدید کیمروں سے مشکوک گاڑیوں کی نمبر پلیٹس اور مشکوک افراد کے چہروں کو شناخت کیا جا سکے گا، گاڑی کی چھت پر لگا کیمرا 360 ڈگری تک روٹیٹ کرسکتا ہے۔ جدید کیمروں سے لیس گاڑیوں کو ابتدائی طور پر شہر کے پوش علاقے ڈیفنس میں کھڑا کیا گیا ہے، ایک گاڑی میں ایک کمانڈر اور تین سپاہی موجود ہوں گے، گاڑی میں موجود کمانڈر کے پاس ایک ٹیبلیٹ ہوگا جو کہ کیمروں اور مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول روم سے منسلک ہوگا۔ انچارج آپریشن سیف سٹی شہباز مغل نے ایکسپریس کو بتایا کہ سیف سٹی پروجیکٹ کے مطابق شہر میں مجموعی طور پر جدید کیمروں سے لیس 23 گاڑیاں موجود ہوں گی جو کہ شہر کے مختلف علاقوں اور شاہراہوں میں کھڑی کی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ گاڑیوں میں لگے کیمرے نائٹ ویژن ہیں اور اندھیرے میں کام کرنے کی صلاحت رکھتے ہیں، کیمرے کے لیے چہرہ اور گاڑیوں کی نمبر پلیٹس ریڈ ایبل ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ سیف سٹی پروجیکٹ نادرا اور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ سے منسلک ہے جسے ہی کوئی مشکوک شخص یا جعلی نمبر پلیٹ لگی گاڑی کیمروں سے لیس گاڑی کے سامنے گزرے گی اس کی نشاندہی ہوجائے گی اور اس گاڑی یا مشکوک شخص سے متعلقہ تھانے کو اطلاع کردی جائے گی۔ گاڑی میں انٹرنیٹ کے ساتھ ساتھ وائرلیس سیٹ بھی موجود اگر کبھی نیٹ کے مسائل سامنے آتے ہیں اور نیٹ نہیں چل رہا ہوا تو متعلقہ تھانے کو وائرسیل سیٹ کے ذریعے اطلاع کر دی جائے گی۔ انھوں نے بتایا کہ جدید آلات سے نصب گاڑیوں کی کوئی جگہ مختص نہیں ہوگی جس جگہ پر ان گاڑیوں کی ضرورت ہوگی انہیں وہاں کھڑا کردیا جائے گا۔ انچارج سیف سٹی نے بتایا کہ سیف سٹی پروجیکٹ کے تحت شہر میں مجموعی طور پر 13 سو جدید کیمرے لگائے جائیں گے جن میں سے 100 جدید کیمرے آپریشن ہوچکے ہیں جبکہ 300 نئے پولز لگنے ہیں جن میں 15 سے زائد پولز شہر کے مختلف علاقوں میں لگا جاچکے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

نقصان پر 303 رنز بنائے۔ قومی ٹیم کے اوپنرز نے محتاط آغاز فراہم کیا، دونوں نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 58 رنز کی پارٹنرشپ قائم کی تاہم صائم ایوب 31 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے، عبداللہ شفیق 50 رنز بنا کر سکندر رضا کا شکار بنے۔ تیسری وکٹ کیلئے کپتان محمد رضوان اور کامران غلام کے درمیان 89 رنز کی پارٹنرشپ قائم ہوئی تاہم رضوان 37 بنا کر آٹ ہوئے۔ کامران غلام 10 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے 103 رنز کی اننگز کھیلی۔ دیگر کھلاڑیوں میں آغا سلمان نے 30، طیب طاہر 29 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ زمبابوے کی جانب سے سکندر رضا اور رچرڈ نگروا نے 2، 2 جبکہ فراز اکرم نے ایک وکٹ حاصل کی۔ ہدف کے تعاقب میں زمبابوے کی ٹیم 41 ویں اوور میں 204 رنز بنا کر آٹ ہوگئی۔ زمبابوے کی جانب سے کپتان کریگ اروائن 51 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ برائن بینیٹ 37، شان ولیمز 24، ٹیڈیوناشے مارومانی 24، کلائیو مداندے 20، رچرڈ نگاروا 17، سکندر رضا 16، فراز اکرم 5، جوئے لورڈ گمبی 5 اور ڈائن مائرز 4 رنز بنا کر آٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے عامر جمال، حارث رف، ابرار احمد اور صائم ایوب نے دو، دو جبکہ کامران غلام اور فیصل اکرم نے ایک، ایک کھلاڑی کو آٹ کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

لطیف کھوسہ نے کہا کہ اس احتجاج میں ہماری جماعت کے 278 کارکنوں کی جانیں گئیں، تاہم جب پروگرام کے میزبان نے ان سے ان جاں بحق کارکنوں میں سے 8 کا نام پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ معلومات ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نے فراہم کی ہیں۔ لطیف کھوسہ نے مزید کہا کہ 26 نومبر کو پی ٹی آئی کے 1900 کارکن گولیوں سے زخمی ہوئے، تاہم وہ اتنی بڑی تعداد میں زخمیوں کے حوالے سے کوئی ثبوت پیش نہ کر سکے اور کہا کہ شواہد بعد میں فراہم کریں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

امریکی فوج کا افغانستان میں رہ جانے والا تقریبا 7 بلین ڈالر سے زائد مالیت اسلحہ افغان طالبان خطے میں دہشتگردی کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ طالبان حکومت آئے روز عالمی امداد نہ ملنے کا واویلا مچاتی ہے جبکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ امریکا نے افغانستان کو 11 ملین ڈالر کی امداد دی ہے۔ سائیگر رپورٹ کے مطابق امریکا افغانستان کے لیے سب سے بڑا بین الاقوامی امداد فراہم کرنے والا ملک بن گیا ہے۔ اسی طرح اگست 2021 میں اقوام متحدہ نے افغانستان کو بین الاقوامی سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کے ذریعے 2.6 بلین ڈالر کی امداد دی۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کے فنڈز کا طالبان حکومت نے ناجائز استعمال کیا۔ ایک سرکاری رپورٹ کے مطابق بین الاقوامی تنظیموں کی جانب سے افغانستان کو دیے جانے والے فنڈز کا 50 فیصد حصہ خودکش بمباروں کے خاندانوں کو جاتا ہے۔ اسی طرح اقوام متحدہ کے فنڈز طالبان حکومت کے زیر کنٹرول مرکزی بینک میں جاتے ہیں جن سے براہ راست حقانی نیٹ ورک اور القاعدہ جیسی دہشت گردی تنظیمیں فائدہ اٹھاتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جو بائیڈن انتظامیہ 43 سے 88 ملین ڈالر کے فنڈز بھیجتی رہی ہے جب کہ اقوام متحدہ نے افغانستان کو اب تک تقریبا 20.71 بلین ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کی۔ ایک امریکی تجزیہ کار کا کہنا ہے کہ اقوام متحدہ سے جانے والی انسانی امداد دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ اسی طرح پاکستان میں حالیہ دہشتگردی کی لہر میں افغانستان سے لائے جانے والا غیر ملکی اسلحہ استعمال ہورہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

عائد کرنے کی قرارداد پیش کردی گئی۔ بلوچستان اسمبلی میں تحریک انصاف پر پابندی عائد کرنے کی قرارداد مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے اراکین کی جانب سے پیش کی گئی ہے۔ قرارداد پیش کرنے والوں میں میر سلیم کھوسہ، عاصم کرد گیلو، راحیلہ درانی، برکت رند، رزک مندوخیل، صادق عمرانی اور بخت کاکڑ شامل ہیں۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ تحریک انصاف نے حالیہ دنوں میں ایک بار پھر پرتشدد کارروائیاں کی ہیں اور ملک میں سیاسی انتشار پیدا کیا۔ محرکین کے مطابق خیبر پختونخوا اسمبلی کی جانب سے سیکیورٹی فورسز کے خلاف قرارداد اور انہیں نشانہ بنانا حقائق کے منافی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

جامعہ کراچی اور این ای ڈی کے طلبہ و طالبات کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ انجینئر واٹر ٹرنک مین کا کہنا ہے کہ 84 انچ ڈائی کی لائن ریڈ لائن بی آر ٹی کے تعمیراتی کام کے دوران پھٹی، ریڈ لائن حکام کو بتایا گیا تھا اس مقام سے پانی سپلائی کی مین لائن گزر رہی ہے، حکام کو آگاہ کرنے کے باوجود ریڈ لائن بی آر ٹی عملہ نے یہاں کھدائی کی۔ سپرنٹنڈنٹ انجینئر تنویر شیخ کا کہنا ہے کہ لائن پھٹنے سے ڈسٹرکٹ ایسٹ اور ڈسٹرکٹ ساتھ کے علاقے متاثر ہوں گے، لائن کی مرمت کا کام شروع کردیا، جس میں 24 سے 48 گھنٹے لگ سکتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا حتمی فیصلہ 30 نومبر کو ہوگا۔ وزارت پٹرولیم وزارت خزانہ کو ورکنگ بھجوائے گی اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب وزیراعظم شہباز شریف کی مشاورت سے نئی قیمتوں کا اعلان کریں گے۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے گزشتہ بار پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں یکم دسمبر تک برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس وقت پیٹرول کی فی لٹر قیمت 248 روپے 38 پیسے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 255 روپے 14 پیسے لٹر ہے۔ لائٹ ڈیزل آئل 147 روپے 51 پیسے، مٹی کا تیل 161 روپے 54 پیسے فی لٹر میں دستیاب ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

کمیٹی سے استعفی دے دیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ حامد رضا نے اپنے استعفے سے پارٹی قیادت کو بھی آگاہ کردیا ہے۔ اس سے قبل پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے اسلام آباد میں احتجاج کے بعد مسلسل تنقید پر عہدے پر کام جاری رکھنے سے معذرت کرلی تھی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

موٹر سائیکل سوار باپ اور بیٹی کو روند ڈالا جس کے نتیجے میں نوعمر بیٹی کی ایک ٹانگ بری طرح سے کچلی گئی جبکہ والد بھی زخمی ہوگیا۔ واقعے سے متعلق ایس ایچ او نیوکراچی غلام یاسین نے بتایا کہ 14 سالہ عبیہ جو نویں جماعت کی طالبہ ہے اپنے والد معین کے ہمراہ اسکول جارہی تھی کہ نارنگی چورنگی کے قریب حادثے کا شکار ہوگئے جس کے نتیجے میں لڑکی کی ایک ٹانگ شدید متاثر ہوگئی جبکہ اس کا والد بھی زخمی ہوا ہے۔ غلام یاسین کے مطابق پولیس نے ڈرائیور کو گرفتار کر کے ڈمپر کو اپنے قبضے میں لے لیا ہے جبکہ زخمی لڑکی کو ابتدائی طور پر عباسی شہید اسپتال لے جایا گیا جہاں سے اسے سول اسپتال جس کے بعد اب عبیہ کو علاج معالجے کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے تاہم پولیس اس حوالے سے مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ دریں اثنا حادثے میں اسکول کی طالبہ کی ایک ٹانگ شدید متاثر ہونے پر موقع پر موجود عوام میں شدید اشتعال پھیل گیا اور انھوں نے واقعے پر اپنے غم وغصے کا بھی اظہار کرتے ہوئے اعلی حکام سے مطالبہ کیا کہ تیز رفتاری کا مظاہرہ کرنے والی ہیوی گاڑیوں، خستہ حال پبلک ٹرانسپورٹ اور واٹر ٹینکرز کے خلاف بھی اسی طرح سے ناکے لگا کر کارروائی عمل میں لائی جائے جس طرح شہر میں سیاہ شیشے اور فینسی نمبر پلیٹ لگی گاڑیوں کے خلاف کی جارہی ہے۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہیوی گاڑیوں کے ڈرائیور ٹریفک قوانین کی دھجیاں اڑاتے ہوئے سڑکوں پر شہریوں کو روند رہے ہیں لیکن ان کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جاتی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

کیلیے خوشخبری سنادی، موہن جوڈرو ایکسپریس کو پرانے روٹ پر بحال کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ریلوے انتظامیہ نے اعلان کیا ہے کہ موہن جوڈرو پسنجر ٹرین اپنے سابقہ روٹ پر بحال کردی گئی ہے۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق موہن جوڈرو پسنجر ٹرین کا کچھ عرصہ پہلے کراچی تک روٹ بڑھا دیا گیا تھا۔ مذکورہ ٹرین 29 نومبر سے براستہ دادو اور لاڑکانہ کوٹری سے روہڑی کے درمیان چلائی جائے گی۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق عوام موہن جوڈرو ایکسپریس کے نئے شیڈول اور دیگر تفصیلات کیلئے ریلوے کی ویب سائٹ یا قریبی اسٹیشن سے رجوع کریں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

اور عدالتی اصلاحات کے حوالے سے دو اجلاس چیف جسٹس یحیی آفریدی کی زیر صدارت منعقد ہوئے جس میں جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس بلال حسن نے شرکت کی۔ اجلاس کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق اجلاس میں مشہور ڈویلپمنٹ ایکسپرٹ شیر شاہ بھی شریک ہوئے، اجلاس میں جدید ٹیکنالوجی، کیسز کے حوالے سے بہتری لانے کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صلاحیت بڑھانے کیلئے تربیت کرنے کے اقدامات پر غور کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق چیف جسٹس یحیی آفریدی نے دوسرے اجلاس میں بھی سپریم کورٹ میں زیر التوا مقدمات پر غور کیا، اجلاس میں ایف بی آر کی قانونی ٹیم نے بھی شرکت کی، اجلاس میں ٹیکس مقدمات اور قاضی ان کو نمٹانے کے حوالے سے غور کیا گیا اور طے کیا گیا کہ ٹیکس مقدمات سے متعلق التوا کی حوصلہ شکنی کی جانی چاہیے۔ دریں اثنا بار کے نمائندگان نے اس بارے میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

میں ایسوسیشن کے چیئرمین عرفان، صدر رضوان، جنرل سیکٹری احسان و دیگر ممبران نے شرکت کی۔ پولیس چیف سے ملاقات میں تاجروں کے وفد نے مسرت کا اظہار کیا اور شہر میں امن و امان کی صورتحال پر کئے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وفد نے پولیس چیف کو دوکانداروں کی گاڑیوں کی پارکنگ اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا جس پر پولیس چیف نے ڈی آئی جی ٹریفک اور متعلقہ ایس ایس پی کو تاجروں کو درپیش مسائل کو ترجیحاتی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ وفد نے پولیس چیف کی تاجر برادری کے لئے کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا اور باہمی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس کیا ختتام پر وفد نے پولیس چیف کو پھولوں کا گلدستہ اور شیلڈ پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

پر سماعت 5 دسمبر کو کرے گا۔ بجلی کی قیمت میں کمی سے کے الیکٹرک صارفین کو 46 کروڑ 10 روپے ریلیف ملے گا، نیپرا نے کے الیکٹرک سے آئندہ سماعت پر میرٹ آرڈر پر عمل درآمد کی رپورٹ بھی طلب کررکھی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

کر کے اسلحہ، لوٹی گئی رقم، موبائل فونز اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کرلیا۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق سکھن پولیس نے بدھ کی شب بھینس کالونی 12 نمبر روڈ سے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جسے طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اس کی شناخت 27 سالہ معشوق عرف بادشاہ ولد جہانگیر کے نام سے کی گئی۔ گرفتار ملزم سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ سکھن پولیس فرار ملزم کی تلاش میں مصروف تھی کہ 12 نمبر روڈ مکی شاہ مزار کے قریب ملزم نے پولیس پر فائرنگ شروع کردی، جس پر جوابی فائرنگ سے ملزم معشوق عرف بادشاہ زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا، جو مفرور ملزم نواز کا ساتھی تھا۔ بعدازاں گرفتار ملزم معشوق دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہوگیا۔ ادھر شاہ لطیف پولیس نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب لانڈھی منزل پمپ کوہی گوٹھ کے قریب سے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا، جسے طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جہازن ملزم کی شناخت 19 سالہ ذاکر علی ولد اختر علی کے نام سے کی گئی جبکہ دوسرے گرفتار ملزم نے اپنا نام عامر بتایا۔ گرفتار ملزمان سے ایک پستول بمعہ گولیاں، چھینے گئے 2 موبائل فونز اور 20 ہزار روپے نقد برآمد کرلیے گئے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

سے جعلی آئل بنانے میں ملوث 2 ملزمان گرفتار۔ کراچی میں مشہور کمپنی کے نام سے جعلی آئل بنانے میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا، جعلی اسٹیکر بنا کر آئل فروخت کیے جارہے تھے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں سچل پولیس نے اسکیم 33 میمن نگر میں مکان پر چھاپہ مار کر مشہور کمپنی کے نام سے جعلی آئل بنانے میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے بتایا کہ گھر سے برانڈڈ آئل کی بوتلیں، مشینیں اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا، چھاپہ پرائیویٹ کمپنی کے فیلڈ منیجر مرتضی کی نشاندہی پر مارا گیا۔ پولیس حکام کا کہنا تھا کہ سچل تھانے میں کمپنی کیعہدیدار کی مدعیت میں مقدمہ بھی درج کرلیا ہے، جس میں کہا ہے کہ میمن نگر میں جعلی آئل بنا کر جعلی اسٹیکر بنا کر فروخت کیے جارہے تھے۔ مقدمے کے متن کے مطابق ہماری رجسٹرڈ کمپنیوں کو نقصان اور عوام کو دھوکا دیا جارہا تھا، پولیس کیہمراہ مکان پر پہنچے نشاندہی پر 2 ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس کا مزید کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان میں تسلیم اور ارشاد شامل ہیں، مکان سیمشین خالی بوتلیں ڈھکن سیل اسٹکرز اور دیگر سامان بھی ملا، ملزمان کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

کے قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تھانہ سکھن میں مقدمہ قتل اور اقدام قتل کی دفعات کے تحت درج کیا گیا۔ مدعی مقدمے نے بتایا کہ بھائی یعقوب کو کل شام موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان نے روکا اور موبائل چھینا، یعقوب ہماری طرف دوڑا اور آواز لگائی کہ موبائل فون چھین لیا۔ مدعی شکیل کے مطابق ہم نے دوڑ کر ایک ڈاکو کو پہلے پستول سمیت پکڑا تو فائرنگ سے میرا بھائی یعقوب جاں بحق جبکہ مظہر زخمی ہوا۔ مقدمے کے مطابق گرفتار ڈاکو کو ہم نے پولیس کے حوالے کردیا جبکہ موٹر سائیکل سوار دوسرا ڈاکو پولیس نے زخمی حالت میں پکڑا، جو اسپتال میں ہلاک ہوگیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ گرفتار ڈاکو سے مزید تفتیش جاری ہے، مقتول یعقوب ٹنڈو آدم کا رہائشی تھا تاہم لواحقین لاش لیکر آبائی علاقے روانہ ہوگئے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

سے آئے تھے۔ دونوں کے تعاقب میں موٹر سائیکل سوار ملزمان بھی آئے۔ پولیس کے مطابق جیسے ہی دونوں میوہ شاہ مسجد کے قریب رکشے سے اترے تو ملزمان نے فائرنگ کردی، فائرنگ سے دونوں زخمی ہوئے اور اسپتال پہنچنے سے پہلے ہی دم توڑ گئے۔ پولیس کے مطابق فوری طور پر واقعے کی نوعیت کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

فروشی جاری ہے جبکہ پولیس کی مبینہ سرپرستی میں کھلے عام منشیات کی خرید وفروخت کی ویڈیو بھی سامنے آگئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ پولیس کی سرپرستی میں ہونے والی منشیات فروشی نوجوان نسل کو تباہ کرنے لگی۔ منشیات کی خرید وفروخت کی ویڈیو بھی سامنے آگئی ہے، ویڈیو میں پولیس کی موجودگی میں منشیات کی خرید وفروخت دیکھی جاسکتی ہے۔ جنت گل ٹاؤن کی کچی آبادی میں منشیات فروش فروخت کرتے دیکھا جاسکتا ہے جبکہ ویڈیو میں منشیات فروشوں سے رقم لیتے ہوئے پولیس اہلکار بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ سہراب گوٹھ تھانے میں تعینات اہلکار عمران منشیات فروشوں سے رقم وصولی کرتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اہلکار عمران پہلے بھی منظم جرائم کی سرپرستی میں معطل ہو کر بی کمپنی جا چکا ہے، عمران کھوکھر سچل بس ٹرمنل پر اسمگلنگ اور سہراب گوٹھ میں منشیات فروشی میں ملوث رہا ہے۔ جب کہ علاقے کے ایس ایچ او وزیر سموں کریمنل ریکارڈ یافتہ نکلا ہے۔ سب انسپکٹر وزیر سموں اے وی سی سی میں تعیناتی کے دوران سرکاری دفتر سے منشیات فروشی میں ملوث رہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

کے 2 دسمبر تک ملتوی کردی۔ جمعرات کو کراچی کی احتساب عدالت میں سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی و دیگر کیخلاف آمدن سے زائد اثاثے بنانے کے ریفرنس کی سماعت ہوئی۔ نیب پراسیکیوٹر کی غیر حاضری کے باعث سماعت بغیر کسی کارروائی کے 2 دسمبر تک ملتوی کردی گئی۔ سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو میں آغا سراج درانی نے کہا کہ کیس میرا وہیں پر ہے جہاں پچھلی دفعہ چھوڑ گئے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

ہے۔ کراچی میں اس سال ہونے والی بارشوں کے بعد متعدد سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوئیں جس کے باعث شہریوں کو ہر روز شدید دشواری سے گزرنا پڑتا ہے۔ حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے جہاں ایم اے جناح روڈ سمیت مختلف سڑکوں کی حالت بہتر بنانے کا کام شروع کیا گیا ہے وہیں ایسی اور بھی سڑکیں ہیں جن کی حالت سدھارنے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ لیاقت آباد 10 نمبر کی مرکزی شاہراہ سے متعلق شہریوں کا کہنا ہے کہ کئی سال سے اس سڑک کا یہی حال ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جگہ جگہ گڑھے ہونے کے باعث جہاں ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے، وہیں اس ٹوٹی پھوٹی سڑک سے اٹھنے والا گرد وغبار بھی شہریوں کی صحت کو متاثر کرتا ہے۔ شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ لیاقت آباد 10 نمبر کی سڑک کو بہتر بنانے کے لیے ناصرف فوری اقدامات کیے جائیں بلکہ سڑک کی مرمت کے لیے معیاری کام کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

مالی سال میں جولائی تا اکتوبر 2024 کے دوران مشرق وسطی کے پانچ ممالک بشمول قزاقستان، کرغستان، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان کو کی جانے والی قومی برآمدات کا حجم 67.11 ملین ڈالر تک بڑھ گیا۔ گزشتہ مالی سال میں جولائی تا اکتوبر 2023 کیدوران ان ممالک کو 66.38 ملین ڈالر مالیت کی برآمدات کی گئی تھیں۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ مالی سال کے مقابلہ میں جاری مالی سال کے ابتدائی چار ماہ کے دوران وسطی ایشیا کے پانچ ممالک کو کی جانے والی ملکی برآمدات میں ایک فیصد سے زیادہ کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

ٹیسوری نے اسٹاک ایکسچینج میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے لیے سیاسی جماعتیں برابر ہیں، بانی پی ٹی آئی جیل سے تو بہت بیانات دیتے ہیں، میرے کہنے پر آج اسٹاک ایکسچینج کے ایم ڈی کو مبارکباد دے دیں، ان کی مبارکباد سے اسٹاک مارکیٹ اور تیز ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں معیشت کی بہتری کیلئے ایک ساتھ آنا ہوگا، پاکستان میں معیشت بہتر ہوگی تو سیاست بھی اچھی ہوگی۔ گورنر سندھ کا کہنا تھا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی ٹیم کا شکر گزار ہوں، اسٹاک مارکیٹ سے اچھی خبر سن کر خوشی ہوئی، سرمایہ کاروں سے درخواست ہے اپنا پیسہ باہر سے پاکستان میں لائیں۔ کامران ٹیسوری نے مزید کہا کہ وزیراعظم اور عسکری قیادت کی انتھک محنت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، معاشی بحران میں اچھی خبر سننے کو ملی، 17 مہینوں سے اسٹاک مارکیٹ کامیابی کی منزل طے کررہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

لئے فلسطین کے شہدا کی لاشوں کو بھی نہ بخشا، پی ٹی آئی کا فلسطین کے شہدا کی لاشوں کی تصاویر کے ذریعے مذموم پروپیگنڈا اجاری ہے۔ بیرون ملک فرار سلمان احمد نے فلسطین کے شہدا کی تصاویر کو احتجاج میں من گھڑت ہلاکتوں سے جوڑ دیا، ہلاکتوں کا پروپیگنڈا ریاست دشمن ایجنڈے کے تحت سوشل میڈیا پر کیا جارہا ہے۔ ہلاکتوں کے حوالے سے پی ٹی آئی کے رہنماؤں کا پروپیگنڈا ابھی جاری ہے جس میں واضح تضاد پایا جاتا ہے، سلمان اکرم راجا 20، شیر افضل مروت 12، علی امین گنڈاپور سینکڑوں اور لطیف کھوسہ نے تو 278 ہلاکتوں کا دعوی کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر بھی پی ٹی آئی سے منسلک نام نہاد یوٹیوبرز کا بھی منفی پروپیگنڈا جاری ہے جبکہ ہلاکتوں کے منفی پروپیگنڈے کے حوالے سے دو بڑے اسپتالوں پمز اور پولی کلینک کے وضاحتی بیان سامنے آچکے ہیں۔ پمز انتظامیہ کے مطابق 36 عام شہری اور 66 قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار زخمی حالت میں اسپتال لائے گئے تھے جبکہ پولی کلینک اسپتال کی انتظامیہ نے بتایا کہ اسپتال میں کوئی لاش نہیں لائی گئی، کچھ معمولی زخمی افراد آئے جنہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد ڈسچارج کردیا گیا۔ سوشل میڈیا پر پروپیگنڈے کا مقصد ریاستی اداروں کو بدنام کرنا اور ہلاکتوں کے حوالے سے گمراہ کن پروپیگنڈا کرنا ہے، پی ٹی آئی کی جانب سے ہلاکتوں کا پروپیگنڈا صرف کارکنوں کی ہمدردیاں حاصل کرنے اور پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر بدنام کرنے کیلئے ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

یاسین تیغانی گینگ کے خلاف کیا جارہا ہے، جس میں پولیس اور رینجرز کی بھاری نفری حصہ لے رہی ہے۔ ایس ایس پی سکھر اور ونگ کمانڈر رینجرز کی کمانڈ میں جاری اس آپریشن میں بکتر بند گاڑیوں اور جدید مشینری کا استعمال کیا جارہا ہے۔ اس دوران یاسین تیغانی گینگ کے کئی ٹھکانوں کو تباہ کیا جاچکا ہے اور ڈاکوں کی متعدد پناہ گاہوں اور مغویوں کو رکھنے والی جگہوں کو بھی تباہ کردیا گیا ہے۔ آپریشن کے دوران پولیس، رینجرز اور ڈاکوں کے درمیان وقفے وقفے سے فائرنگ کا تبادلہ بھی جاری ہے۔ ایس ایس پی سکھر نے کہا کہ یہ آپریشن جرائم پیشہ افراد کے خاتمے اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال بحال ہونے تک جاری رہے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

مکمل کیا جائے گا اور اگر اس کی راہ میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ ہے تو اس کا خاتمہ کیا جائے گا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایات پر کراچی سمیت سندھ بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں کسی قسم کی تاخیر کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز زیر تعمیر کورنگی کازوے کے دورہ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلی کے معاون خصوصی سید وقار مہدی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ صوبائی وزیر کو ڈائریکٹر میگا پروجیکٹ کراچی سید عباس علی شاہ اور ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر کورنگی کازوے انجنیئر جنید احمد صدیقی نے منصوبے پر بریفنگ دی۔ پی ڈی نے بتایا کہ کورنگی کازوے منصوبہ 1.4 کلومیٹر ہے اور اس پر 40 فیصد سے زائد کا کام مکمل کرلیا گیا ہے اور اس منصوبے کو جون 2025 تک مکمل کرلیا جائے گا۔ صوبائی وزیر سعید غنی نے اس منصوبے کے حوالے سے درپیش مسائل بالخصوص کورنگی کازوے کو ملیر ایکسپریس وے سے ضم کرنے سمیت دیگر پر تفصیلی بریفنگ لی۔ سعید غنی نے کہا کہ اس منصوبے کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ اس سے کورنگی اور اطراف کی آبادیوں کا طویل سفر قلیل ہوسکے گا اور انہیں ٹریفک جام کے مسئلے سے بھی چھٹکارا مل جائے گا۔ سعید غنی نے کہا کہ اگر اس منصوبے کو ملیر ایکسپریس وے کے ساتھ ضم کیا جاتا ہے تو یہ منصوبہ 1.4 کلومیٹر سے بڑھ کر 4 کلومیٹر طویل ہوجائے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

کردیا۔ محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں پر تشدد کے الزام میں وزیراعظم، وزیر داخلہ، آئی جی اسلام آباد کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے، بانی پی ٹی آئی انتخابات جیت گئے پھر بھی جیل میں رکھا گیا، انہیں ضمانت پر رہا کیا جائے، انہیں رہا کرنے سے آسمان نہیں گرے گا۔ محمود اچکزئی کا کہنا تھا کہ پرامن احتجاج کرنے والے ہزاروں کارکنوں کو ڈی چوک اسلام آباد پر گولیوں کا نشانہ بنایا گیا، معاملے کی عدالتی انکوائری ہونی چاہیے، پی ٹی آئی کے لوگوں کو سروں پر گولیاں ماری گئیں، ہم اداروں سے ناامید ہو چکے ہیں، ہر ادارہ اپنے دائرے میں رہ کر کام کرے تو ملک بحران سے نکل سکتا ہے۔ محمود خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے علاقے موسی خیل راڑاشم اور ہرنائی میں معصوم لوگوں کو قتل کیا گیا مگر کوئی گرفتاری نہیں کی گئی، انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے ادارے اتنے کمزور نہیں کہ انہیں کوئٹہ سے اغوا ہونے والے بچے کے اغوا کاروں کا علم نہ ہو، تمام سیاسی جماعتیں بیٹھیں اور تین چار ماہ میں نئے الیکشن کروائے جائیں جو جیتے اسے حکومت دے دی جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

کی اہم مساجد کو مندر ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور کبھی تاج محل کو بھی قدیم مندر قرار دینے سے گریز نہیں کیا جاتا۔ اب 1911 میں شایع ہونے والی ایک کتاب کی بنیاد پر دعوی کیا جارہا ہے کہ جہاں اس وقت خواجہ معین الدین چشتی رحمت اللہ علیہ کا مزار ہے وہاں کبھی شیو کا مندر تھا اور مندر کو گرا کر اس کے ملبے کی مدد سے مزار تعمیر کیا گیا۔ بھارت کی مغربی ریاست راجستھان کی ایک عدالت نے انتہا پسند ہندو گروپوں کی طرف سے دائر کی جانے والی پٹیشن پر اجمیر کی مرکزی درگاہ کے حوالے سے ایک نوٹس جاری کیا ہے۔ ہندو انتہا پسند گروپوں کا کہنا کہ اس وقت جہاں مزار واقع ہے وہاں شیو مندر ہوا کرتا تھا اس لیے وہاں ہندوں کو پوجا کی اجازت دی جائے۔ ہندو سینا کے صدر وشنو گپتا کی دائر کی ہوئی پٹیشن پر سول جج من موہن چنڈیل نے بدھ کو سماعت کی۔ اس مقدمے کو بھگوان شری سنکٹ موچک مہا دیو وراجمان بنام درگاہ کمیٹی کا عنوان دیا گیا ہے۔ پٹیشن ستمبر میں دائر کی گئی تھی۔ بنیادی دعوی یہ ہے کہ مندر کو گرانے کے بعد اس کا ملبہ مزار کی تعمیر میں استعمال کیا گیا۔ اس کیس میں آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا کو بھی فریق بنایا گیا ہے۔ عدالت نے مذہبی امور کی مرکزی وزارت، آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا اور درگاہ کمیٹی کو نوٹس جاری کردیے ہیں۔ اگلی سمبر 20 دسمبر کو ہوگی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

گرفتار۔ کارروائیوں میں 1 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 63.151 کلوگرام منشیات برآمد۔ تعلیمی اداروں میں کارروائیاں کوہ نور ملز راولپنڈی کے قریب کار کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 3.600 کلوگرام چرس برآمد، ملزم گرفتار۔ فتح چوک حیدرآباد میں پیٹرول پمپ کے قریب ملزم سے 3 کلو چرس برآمد پیرودھائی موڑ جی ٹی روڈ راولپنڈی کے قریب ملزم سے 2.400 کلوگرام چرس برآمد۔ ایکسپریس وے اسلام آباد پر کالج کے قریب ملزم کے قبضے سے 900 گرام چرس برآمد۔ بحریہ ٹاؤن اسلام آباد میں یونیورسٹی کے قریب دو ملزمان سے 51 گرام ویڈ برآمد۔ گرفتار ملزمان کا تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف۔ دیگر کارروائیاں حاجی کیمپ پشاور کے قریب ملزم سے 1.200 کلوگرام آئس برآمد۔ سریاب روڈ کوئٹہ پر 2 ملزمان سے 10 کلوگرام چرس برآمد۔ گوادر میں کوسٹل لائن کے قریب چھپائی گئی 32 کلوگرام چرس برآمد۔ ڈی بلاک چوک گوادر کے قریب گودام سے 5 کلوگرام ہیروئن اور 5 کلوگرام آئس برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

اسٹاف ایسوسی ایشن نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری جامعات میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر اساتذہ کی تقرریوں کا نوٹیفکیشن منسوخ کیا جائے۔ جامعہ کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فپواسا سندھ چیپٹر کے صدر پروفیسر اختیار گھومرو اور سیکریٹری عبدالرحمن نادرہ نے حکومت سندھ کی جانب سے جامعات میں اساتذہ کی تقرریاں کنٹریکٹ پر کرنے کے احکامات کو بلیک میلنگ قرار دیا اور مطالبہ کیا کہ کنٹریکٹ سے متعلق جاری کیے گئے تمام خطوط کو فوری واپس لیا جائے۔ اس موقع پر صدر انجمن اساتذہ جامعہ کراچی ڈاکٹر محسن علی، سابق صدر شاہ علی القدر اور دیگر بھی موجود تھے۔ اساتذہ رہنماں نے اس موقع پر اعلان کیا کہ اگر مذکورہ جاری کردہ نوٹیفکیشن واپس نہیں لیا گیا تو دسمبر کے پہلے ہفتے میں سندھ کی تمام سرکاری جامعات میں اس فیصلے کے خلاف یوم سیاہ منایا جائے گا اور دوسرے ہفتے میں ایک روز تدریسی عمل کا بائیکاٹ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد جنوری 2025 میں شروع ہونے والے نئے سیشن کا پورے سندھ میں بائیکاٹ ہوگا۔ پروفیسر اختیار گھمرو کا کہنا تھا کہ حکومت سندھ نے جامعات کے وائس چانسلرز کو خط لکھ کر فیکلٹی کی ہائرنگ کنٹریکٹ بنیادوں پر کرنے کی ہدایت کی ہے، اگر مستقبل میں بنیادوں پر ہائرنگ کی ضرورت ہوگی تو اس کی منظوری لی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ اب نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ کے لیے پینشن کنٹری بیوشن بھی ضرور قرار دی گئی ہے اور یہ پالیسی حکومت سندھ کی جانب سے جامعات کی خودمختاری ختم کرنے اور ڈی سینٹرلائزڈ سسٹم کو دوبارہ سینٹرلائزڈ کرنے کی کوشش ہے۔ پروفیسر اختیار گھمرو کا مزید کہنا تھا کہ حکومت سندھ کے نمائندے سینڈیکیٹ اور سینیٹ میں موجود ہوتے ہیں، حکومت سندھ جامعات کو ویسے ہی چلانا چاہتی ہے جیسے کہ ایم سیز کو چلا رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

جرگے میں آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر، چمن کے قبائلی عمائدین اور سول انتظامیہ کے عہداران نے شرکت کی۔ جرگے میں پاک-افغان بارڈر مینجمنٹ، سیکیورٹی صورتحال اور دیگر امور پر بات چیت کی گئی۔ آئی جی ایف سی کا کہنا تھا کہ علاقے میں قیام امن اور پاک-افغان سرحد کی حفاظت کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہے ہیں۔ قبائلی مشران نے امن وامان اور علاقے کیلئے سماجی خدمات پر ایف سی کی کاوشوں کو سراہا۔ قبائلی عمائدین کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور پاک-افغان سرحدی امور میں پاک فوج اور ایف سی کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

شرکت کے دوران، بابر نے اپنے والد کی زندگی کے کئی پہلوں پر روشنی ڈالی۔ بابر جنید جمشید نے انکشاف کیا کہ ان کے والد نے زندگی میں تین شادیاں کیں۔ انہوں نے بتایا: "میری والدہ کے علاوہ والد کی دو مزید بیویاں تھیں۔ ان میں سے ایک بیوی والد کے ساتھ طیارہ حادثے میں جاں بحق ہوئیں۔ دیگر دونوں بیویوں سے کوئی اولاد نہیں تھی، ہم صرف چار بہن بھائی ہیں۔" بابر نے اپنے والد کے ساتھ ایک گفتگو یاد کرتے ہوئے بتایا کہ جنید جمشید نے ایک بار ان سے کہا: "لوگ کہتے ہیں کہ میں نے متعدد شادیاں کی ہیں، لیکن کیا میں نے کبھی تمہاری والدہ یا تم لوگوں کے ساتھ ناانصافی کی؟" بابر نے جواب دیا: "نہیں بابا، آپ نے ہمیشہ اپنی ذمے داریاں پوری کیں اور ہمیں بے حد پیار دیا۔" واضح رہے کہ جنید جمشید 7 دسمبر 2016 کو طیارہ حادثے میں جاں بحق ہوئے۔ انہوں نے موسیقی کو چھوڑ کر دین کی راہ اختیار کی اور اپنی زندگی کے آخری لمحات بھی تبلیغ اسلام میں گزارے۔ ان کی زندگی کا مقصد لوگوں کو حقیقی روشنی اور دین اسلام کی طرف راغب کرنا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

صادق نے پارلیمانی وفد کے ہمراہ ماسکو کے تین روزہ سرکاری دورے کے دوران کریملن میموریل/شہدا یادگار پر حاضری دی اور وہاں بہادر فوجیوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر اسپیکر ایاز صادق نے شہدا کی قربانیوں کو سراہتے ہوئے ان کے جذبے اور قربانیوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پاکستانی پارلیمانی وفد میں ایم این ایز ڈاکٹر محمد فاروق ستار، رانا محمد حیات خان، عبدالقادر پٹیل، سید آغا رفیع اللہ اور شیر علی ارباب شامل تھے۔ وفد کے اراکین نے شہدا یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد ماسکو میوزیم کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر ریاستی ڈوما کی سیکیورٹی اور کرپشن کنٹرول کمیٹی کے چیئرمین واسیلی پسکاریف بھی موجود تھے۔ ان ملاقاتوں اور دوروں کے دوران دونوں ملکوں کے مابین باہمی تعلقات اور پارلیمانی سطح پر تعاون بڑھانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

فیصلہ ووٹس پر ہونے کی صورت میں حکومت سے مشورہ کر کے آئی سی سی کو آگاہ کریں گے، آئی سی سی سے مشاورت جاری ہے، اچھا نتیجہ سامنے آئے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے رات گئے لاہور کے قذافی اسٹیڈیم کا تفصیلی دورہ کیا اور اپ گریڈیشن منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایف ڈبلیو او کے پراجیکٹ ڈائریکٹر، ڈائریکٹرز انفراسٹرکچر، ڈومیسٹک کرکٹ اور نیسپاک کے حکام بھی موجود تھے، جنہوں نے چیئرمین کو منصوبے کی پیش رفت کے بارے میں بریفنگ دی۔ محسن نقوی نئے تعمیر کردہ اسٹینڈ کے آخری اسٹیپ تک گئے اور وہاں سے اسٹیڈیم کے ویو کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ سے قبل دسمبر کے آخری ہفتے تک اسٹیڈیم کی مکمل تعمیر مکمل کرلی جائے گی۔ اس حوالے سے محسن نقوی نے متعلقہ حکام کو ہدایات دیتے ہوئے تعمیراتی کاموں میں اعلی معیار کو یقینی بنانے کی تاکید کی۔ اس موقع پر قذافی سٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی نے امید ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی 2025 پاکستان میں ہی ہوگی، آئی سی سی سے مسلسل رابطے میں ہیں، آئی سی سی بورڈ میٹنگ میں پاکستان کے حق میں فیصلہ نہ ہونے کی صورت میں حکومت سے گائیڈ لائن لے کر پاکستان کے بہترین مفاد میں فیصلہ کریں گے۔ چیئرمین پی سی بی نے مزید کہا کہ اب یہ نہیں ہوسکتا کہ پاکستان ٹیم بھارت جا کر کھیلے اور بھارتی ٹیم پاکستان میں آکر نہ کھیلے، اب کرکٹ میں تمام فیصلے برابری کی بنیاد پر ہوں گے، پیسے لے کر ماننے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

کرنے پر سرمایہ کاروں کو مبارکباد دی۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کے سینئر وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، شرجیل انعام میمن نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے انڈیکس کا 100,000 پوائنٹس کی تاریخی سطح کو عبور کرنے پر اسٹاک ایکسچینج کی انتظامیہ اور سرمایہ کاروں کو مبارکباد دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ سنگ میل نہ صرف پاکستان کی مالیاتی منڈیوں کی بحالی کا عکاس ہے، بلکہ سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ پی ایس ایکس کا تاریخی سطح تک پہنچنا ہماری معیشت کے استحکام اور ترقی کی ایک واضح علامت ہے۔ یہ کامیابی نہ صرف مالیاتی شعبے کی فتح ہے بلکہ اس کا تعلق ہماری معیشت کے تمام شعبوں کی ترقی سے بھی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت ہمیشہ معاشی ترقی، روزگار کی تخلیق، اور پائیدار ترقی کے لیے پرعزم رہی ہے۔ ہم نے سندھ میں معیشت کی بہتری اور عوامی خوشحالی کے لیے معاشی اصلاحات اور ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحات میں رکھا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

کے علاقے میں کیا گیا، جس میں پانی چوری کے لیے بنائے گئے غیر قانونی ہائیڈرنٹس کو مسمار کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق، آپریشن کے دوران پانی چوروں نے یارو گوٹھ اور عمر گوٹھ کو پانی فراہم کرنے والی 12 انچ کی لائن میں 3 انچ کے 4 غیر قانونی کنکشن لگا رکھے تھے، جنہیں منقطع کر دیا گیا۔ ان غیر قانونی کنکشنز کی موجودگی کے باعث ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی متاثر ہورہی تھی، لیکن کنکشنز منقطع ہونے کے بعد ان علاقوں میں پانی کی فراہمی میں بہتری آئے گی۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ پانی چوروں کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ تھانے میں رپورٹ درج کروادی گئی ہے اور ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

ڈکیتی کی جھوٹی اطلاع دینا شہری کو مہنگا پڑ گیا، سائٹ سپر ہائی وے پولیس نے اپنے سابقہ سسر کو پھنسانے کے لیے ون فائیو مددگار پر ڈکیتی کی جھوٹی اطلاع دینے والے شخص احمد کو ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ون فائیو مددگار پر احمد نے ایمرجنسی کال کی اور بتایا کہ احسن آباد چڑھائی کے قریب ہائی روف میں سوار ملزمان نے ہم سے 14 لاکھ 95 ہزار روپے چھینے ہیں جس پر پولیس فوری پہنچی، جہاں یارو گوٹھ کے رہائشی تین افراد موجود تھے۔ پولیس نے بتایا کہ کالر احمد نے کہا اس کا دوست حیدرآباد سے پلاٹ فروخت کر کے رقم کے ہمراہ آرہا تھا، جس نے اسے پک کرنے کے لیے بلایا تھا، جب وہ اسے لے کر جارہے تھے تو ان سے واردات ہوگئی۔ پولیس نے شبہ ہونے پر سختی سے پوچھ گچھ کی گئی تو ملزمان نے سچ اگل دیا، احمد نے بتایا کہ اس نے سابقہ سسر کو پھنسانے کے لیے ڈرامہ کیا تھا اور جس ہائی روف کا نمبر پولیس کو دیا وہ اس کے سابقہ سسر کی تھی۔ پولیس نے تصدیق کے لیے ملزم کے سسر کو فون کیا تو انہوں نے بتایا کہ بیٹی نے 2 ماہ پہلے احمد سے خلع لے لی تھی۔ پولیس کا کہنا ہے ملزم جھوٹی اطلاع کے ذریعے دوستوں کے ساتھ مل کر سسر کو نقصان پہنچانا چاہتا تھا، جن کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

اسے صحافت کی آزادی کے منافی قرار دیا ہے۔ سی پی این ای نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صحافیوں کو رات گئے ریاستی اہلکاروں کی جانب سے بغیر کسی مقدمے کے گرفتار کر کے تھانے میں رکھنا اغوا کے مترادف ہے جو آئین میں دی گئی صحافت کی آزادی کی ضمانت کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے جبکہ پولیس نے بعد ازاں مطیع اللہ جان کی گرفتاری کا مضحکہ خیز جواز پیش کر کے دو روزہ جسمانی ریمانڈ حاصل کیا۔ موجودہ وفاقی مشیر رانا ثنا اللہ کے خلاف بھی ماضی میں اسی نوعیت کی ایف آئی آر درج کی گئی تھی جس کا مسلم لیگ ن اور دیگر سیاسی جماعتوں نے مذاق اڑایا مگر اب مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں ایک صحافی اس کا نشانہ بن رہا ہے۔ سی پی این ای نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ سے مطیع اللہ جان اور شاکر محمود اعوان کی غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا جبکہ ثاقب بشیر کو گرفتاری کے فوری بعد چھوڑ دیا گیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

انچارج سب انسپکٹر راو فیاض کو جرائم پیشہ افراد کی سرپرستی کرنے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر ملازمت سے برطرف کردیا گیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق ضلع کورنگی سے بی کمپنی بھیجا جانے والا پولیس افسر جرائم پیشہ افراد کا سرپرست نکلا، بلیک کمپنی میں بند کیے گئے راو فیاض احمد کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا اس سلسلے میں حتمی حکم نامہ بھی جاری کردیا گیا۔ حکم نامے میں بتایا گیا کہ سب انسپکٹر راو فیاض احمد کو دو ستمبر کو معطل کر کے بی کمپنی میں بند کیا گیا تھا، سب انسپکٹر راو فیاض پر منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ افراد سے ملی بھگت کا الزام تھا، راو فیاض احمد پر گٹکا فروشوں اور دیگر غیر قانونی اشیا کی سپلائی کی سرپرستی کا بھی الزام تھا، الزامات کے حوالے سے 23 ستمبر کو راو فیاض کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کیا گیا اور 18 اکتوبر کو راو فیاض کو دوسرا نوٹس بھی جاری کیا گیا۔ مختلف ذرائع سے راو فیاض سے متعلق انفارمیشن رپورٹ بھی موصول ہوئی، ایف آئی آر کے مطابق دوران پوسٹنگ راو فیاض گٹکا ماوا بنانے والوں اور چھالیہ کے ڈیلرز کی سرپرستی میں ملوث رہا، راو فیاض نے دوران پوسٹنگ زمینوں پر قبضے اور دیگر جرائم کی سرپرستی پرائیویٹ بیٹر بشیر کے ذریعے کی، ملزم بشیر اب بھی جرائم کی سرپرستی کے عوض ہفتہ وار بھتہ وصول کررہا ہے، ملزم بشیر جرائم پیشہ افراد کو پولیس چوکی تک پہنچانے کا کام بھی کرتا تھا۔ راو فیاض احمد نے ایک جرائم پیشہ نعیم عرف بوس کو حراست میں لینے کے بعد رشوت لے کر رہا کیا، پولیس چوکی تصویر محفل میں راو فیاض احمد کے ساتھ ایک لڑکی رمشا دیکھی گئی رمشا کی سرپرستی میں ضلع کورنگی اور ملیر میں اسٹریٹ کرمنلز کا ایک گروہ کام کررہا ہے۔ راو فیاض کی ایک ایمبولینس سروس راو ایمبولینس کے نام سے بھی چل رہی ہے، ایمبولینس سروس شہر کے دو بڑے اسپتالوں میں چلائی جارہی ہے، پولیس رول کے مطابق راو فیاض کو تادیبی کارروائی کے لیے مجاز ٹھہرایا گیا۔ چیف جاوید عالم اوڈھو کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی نے راو فیاض کے خلاف محکمانہ انکوائری کی، چھ نومبر کو انکوائری رپورٹ فائل کی گئی جس میں راو فیاض کو لگائے گئے الزامات میں قصوروار ٹھہرایا گیا، انکوائری رپورٹ میں راو فیاض کے خلاف مزید سخت محکمانہ کارروائی کی سفارش کی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

ایک لاکھ کی سطح عبور کرلی۔ حکومت کے درست اقدامات کے نتیجے میں ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے، اسی سلسلے میں سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہونے سے آج جمعرات کے روز بازارِ حصص میں 1099 پوائنٹس کی بڑی تیزی دیکھی گئی اور ملکی تاریخ میں پہلی بار انڈیکس کی ایک لاکھ کی پوائنٹس کی بلند ترین سطح بھی رقم ہوگئی۔ کے ایس ای 100 انڈیکس بڑھ کر ایک لاکھ 479 پوائنٹس کی نئی بلند ترین سطح کو چھو گیا۔ کاروبار کے اختتام پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 813 پوائنٹس کی تیزی کے ساتھ 100 انڈیکس ایک لاکھ 082 پوائنٹس پر بند ہوا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

آباد تھانے کی حدود میں ایزی پیسہ شاپ کے مالک سے 55 لاکھ روپے چھیننے کی واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی۔ فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ مسلح ملزمان نے 5 سیکنڈز میں 55 لاکھ کی ڈکیتی کی واردات کی انجام دی۔ فوٹیج میں دو لٹیروں کو شاپ کے مالک سے رقم سے بھرا بیگ چھینتے دیکھا جاسکتا ہے۔ موٹر سائیکل سوار لٹیروں نے شناخت چھپانے کے لیئے ہیلمٹ پہن رکھے ہیں۔ ایک لٹیرے نے اسلحہ نکال کر دھمکایا دوسرے نے رقم سے بھرا بیگ چھینا۔ قائد آباد پولیس کے مطابق ایزی پیسہ شاپ کیمالک راشد کی قائد آباد میں ایزی پیسہ شاپ ہے شاپ کے مالک کا کہنا ہے کہ 35 لاکھ روپے ان کی جیبوں میں تھے اور 55 لاکھ روپے بیگ میں تھے جو بینک میں جمع کروانے جارہا تھا۔ مسلح ملزمان 55 لاکھ روپے سے بھرا بیگ چھین کر فرار ہوئے واردات کا مقدمہ قائد آباد تھانے میں درج ہے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

دیگر ممالک اور اداروں کے تعاون سے شروع کیے گئے منصوبوں کی پیشرفت پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزرا ناصر شاہ، سعید غنی، محمد بخش مہر، حاجی علی حسن زرداری، چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ اور وزیر اعلی سندھ کے پرنسپل سیکرٹری آغا واصف شریک ہوئے۔ علاوہ ازیں اجلاس میں چیئرمین پی اینڈ ڈی نجم شاہ، سیکرٹری توانائی مصدق خان، سیکرٹری بلدیات خالد حیدر شاہ، سیکرٹری خزانہ فیا جتوئی، سیکرٹری ورکس محمد علی کھوسو، سیکرٹری زراعت سہیل قریشی اور فارین اسسٹڈ پراجیکٹس کے پراجیکٹ ڈائریکٹرز نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ بیرونی تعاون سے چلنے والے کچھ منصوبوں کی رفتار سے میں مطمئن نہیں، میں چاہتا ہوں کہ کام کی رفتار کو تیز کیا جائے تاکہ عوام کو سہولت میئسر ہوں۔ صوبائی وزیر توانائی ناصر حسین شاہ نے بتایا کہ سندھ سولر انرجی پراجیکٹ ورلڈ بینک کے تعاون سے 27 ارب روپے کا پراجیکٹ ہے، پراجیکٹ میں سندھ حکومت کا شیئر 554 ملین روپے ہے اور اسے مئی 2024 میں شروع کیا گیا۔ ناصر حسین شاہ نے مزید بتایا کہ پراجیکٹ میں سولر پارک، سولر سسٹم کی خریداری اور 600 سولر ٹیکنیشنز کی تربیت شامل ہے جب کہ پراجیکٹ کی پروکیورمنٹ شروع ہوچکی ہے، وزیر اعلی سندھ نے پراجیکٹ کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کے دوران حاجی علی حسن نے بتایا کہ ایشین بینک فلڈ اسسٹنٹ پراجیکٹ کے تحت 44 روڈز تعمیر ہو رہے ہیں، فلڈ اسسٹنٹ پراجیکٹ 48.4 ارب روپے کا ہے جس میں سندھ حکومت کا شیئر 4.4 ارب روپے ہے۔ وزیر اعلی سندھ کو آگاہ کیا گیا کہ پراجیکٹ کے تحت 773.71 کلومیٹر کے 40 روڈز بن رہے ہیں جس کے 10 پیکیجز ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

بھڑک اٹھی جس پر دو گھنٹے بعد قابو پالیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈیفینس فیز 7 خیابان رضوان میں واقع ایک مکان میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے دو کمروں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ فائر بریگیڈ کی تین گاڑیوں نے دو گھنٹے کی محنت کے بعد آگ پر قابو پالیا۔ فائر فائٹرز کے مطابق آگ لگنے کی وجوہات معلوم نہیں ہوسکی ہیں البتہ گھر میں پانچ افراد مقیم تھے جنہیں بحفاظت نکال لیا گیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

محنت اور ایمانداری سے ممکن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 51 ویں خصوصی تربیتی پروگرام کے تحت 27 ویں ابتدائی کمانڈ کورس میں شامل 18 رکنی اے ایس پیز کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد نے سینٹرل پولیس آفس کراچی کا دورہ کیا جہاں آئی جی سندھ نے زیر تربیت افسران کو جدید پولیسنگ کے طریقوں اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی اہمیت پر تفصیل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کا استعمال نہ صرف پولیسنگ کے لیے ناگزیر ہے بلکہ یہ وقت کا تقاضہ بھی ہے۔ وفد کو سندھ پولیس کی طرف سے کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ پولیس نے شہروں، کچھی ایریاز میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال شروع کر رکھا ہے۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ سندھ پولیس نے جرائم میں ملوث عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنے کے لیے متعدد جدید ایپلیکیشنز متعارف کرائی ہیں، جن میں "تلاش ایپ"، "ای وی ایم"، "سی آر او"، "پی ایس آر آئم ایس"، اور "ایس فور" شامل ہیں۔ ان ایپلیکیشنز میں لاکھوں لوگوں کا ڈیٹا "ون کلک" پر دستیاب ہے۔ آئی جی سندھ نے مزید کہا کہ سندھ حکومت نے پولیس کی ویلفیئر اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے لیے تمام ضروری سفارشات منظور کرتے ہوئے بجٹ مختص کیا ہے اور ہر ممکن مدد فراہم کی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سندھ پولیس امن و امان کے قیام کے لیے اپنے عزم سے پیچھے نہیں ہٹے گی، حالانکہ پولیس کو ہمیشہ تنقید کا سامنا رہتا ہے۔ اس موقع پر آئی جی سندھ نے زیر تربیت افسران کو ہدایت دی کہ پولیس افسر کا دفتر عوام کے لیے ہمیشہ کھلا رہنا چاہیے اور انہیں زیادہ سے زیادہ وقت عوامی خدمت میں گزارنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اچھے پولیس افسر کو تنقید برداشت کرنی آنا چاہیے اور سچائی کے ساتھ کھڑا رہنا چاہیے۔ آخر میں، آئی جی سندھ نے پولیس کی جدید ٹیکنالوجی کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے بتایا کہ عادی ملزمان کی نگرانی کے لیے 4 ہزار ای ٹیگنگ ڈیوائسز خریدی جارہی ہیں اور کچھ علاقوں اور شہروں میں مزید جدید آلات کی خریداری کا ارادہ ہے، جن میں ڈرونز، اینٹی ڈرونز، نائٹ ویژن کیمرے اور روبوٹک ایکسپلوزر شامل ہیں۔ اس تربیتی دورے کے دوران سندھ پولیس کے افسران کی جانب سے مختلف سوالات اور تجاویز بھی پیش کی گئیں، جن پر آئی جی سندھ نے تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔